آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعہ المبارک 15 مئی 2020ء بمطابق 21 رمضان المبارک 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 136

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغرین	07:27

(سلوگن) لاک ڈاؤن میں نرمی کے بعد اپنے لئے آسانیاں پیدا کریں حکومت کو مجبور نہ کیا جائے کہ وہ دوبارہ لاک ڈاؤن کا فیصلہ کرے اسی لئے ضروری ہے کہ وضع کردہ احتیاطی تدابیر اپنائے جائیں۔

اگر کورونا وائرس کے اثرات طویل ہو سکتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کانفرنس میں کورونا وائرس کی صورتحال و امور احساس پروگرام پر عملدرآمد راشن کی تقسیم اور ٹڈی دل کے تدارک کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا

کانفرنس میں ضلعوں اور یونین کونسلوں کی سطح پر کورونا وائرس سے متاثرہ افراد کی سکریننگ، ٹریکنگ اور ٹریسنگ کے میکنزم کو مربوط کرنے کا فیصلہ کیا گیا، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ٹی ٹی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت جمعرات کے روز ڈویژنل کمشنروں کی ویڈیو لنک کانفرنس کا انعقاد ہوا پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت ڈاکٹر ربابہ بلیدی سیکرٹری صحت وسیم جمالدینی اور انچارج صوبائی کنٹرول اینڈ آپریشن سینٹر عمران گچکی نے بھی کانفرنس میں شرکت کی کانفرنس میں کورونا وائرس کی صورتحال و امور احساس پروگرام پر عملدرآمد راشن کی تقسیم اور ٹڈی دل کے تدارک کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا ڈویژنل کمشنروں کی جانب سے متعلقہ امور اور کورونا وائرس کے حوالے سے ضروریات پر بریفنگ دی گئی کانفرنس میں ضلعوں اور یونین کونسلوں کی سطح

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے سینیٹر منظور احمد کاکڑ صوبائی مشیر محمد خان لہڑی اور رکن اسمبلی نوابزادہ نعمت اللہ خان زہری ملاقات کر رہے ہیں

لاک ڈاؤن سے کہیں زیادہ خطرہ ہمیں بھوک و افلاس سے ہے، وزیراعظم

غیر معمولی صورتحال میں ہمیں بھوک اور وبا کی روک تھام کے حوالے سے حفاظتی اقدامات میں توازن برقرار رکھنا ہے، ہماری آبادی کو جس قدر خطرہ لاک ڈاؤن سے ہے اس سے کہیں زیادہ بھوک و افلاس ہے

پولیس عوام پر سختی کی بجائے دوستانہ رویہ اختیار کرے، ہمیں کورونا کی روک تھام اور حفاظتی تدابیر کے حوالے سے وضع شدہ قواعد وضوابط پر عملداری کو ہر صورت ممکن بنانا ہے تاکہ عوام کی زندگی محفوظ رہے

میڈیا عوام کو حفاظتی تدابیر اختیار کرنے اور قواعد وضوابط پر عمل کرنے کی ترغیب دلانے میں مزید موثر کردار ادا کرے، کووڈ-19 کی صورتحال کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ اس غیر معمولی صورتحال میں ہمیں بھوک اور وبا کی روک تھام کے حوالے سے حفاظتی اقدامات میں توازن برقرار رکھنا ہے، ہماری آبادی کو جس قدر خطرہ لاک ڈاؤن سے ہے اس سے کہیں زیادہ بھوک و افلاس ہے، ہمیں کورونا کی روک تھام اور حفاظتی تدابیر کے حوالے سے وضع شدہ قواعد وضوابط پر عملداری کو ہر صورت ممکن بنانا ہے تاکہ عوام کی زندگی محفوظ رہے، پولیس عوام پر سختی کی بجائے دوستانہ رویہ اختیار کرے، میڈیا عوام کو حفاظتی تدابیر اختیار کرنے اور قواعد وضوابط پر عمل کرنے کی ترغیب دلانے میں مزید موثر کردار ادا کرے۔ وزیراعظم نے ان خیالات کا اظہار ان کی زیر صدارت کووڈ-19 کی صورتحال کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا۔ اجلاس میں معاون خصوصی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد؛ وفاقی وزیر داخلہ بریگیڈیئر (ر) اعجاز احمد شاہ سے یورپی یونین کی سفیر ملاقات کر رہی ہیں

فردوس عاشق اعوان نے لابنگ کر کے وزارت حاصل کی، فواد چوہدری

اگلے سال ستمبر سے پہلے کورونا ویکسین کی تیاری ممکن نہیں تو ڈیڑھ سال ملک بند نہیں کیا جا سکتا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے سابق مشیر اطلاعات و معاون خصوصی فردوس عاشق اعوان پر یہ الزام عائد کیا ہے کہ انہوں نے لابنگ کے ذریعے وزارت حاصل کی تھی اور وہ اس وزارت کی اہل نہیں تھیں۔ ایک انٹرویو

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

اس وقت کورونا کیسز میں اضافے کا تعلق لاک ڈاؤن میں نرمی سے نہیں ہے، ظفر مرزا

اگر ایس او پیز پر عملدرآمد نہیں ہوا تو فیصلوں پر نظرثانی کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ ابھی جو کیسز سامنے آ رہے ہیں وہ لاک ڈاؤن کے اثرات کچھ دن بعد سامنے آئیں

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا ہے کہ اس وقت کورونا کیسز میں اضافے کا تعلق لاک ڈاؤن میں نرمی سے نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں معاون خصوصی نے کہا کہ لاک ڈاؤن میں نرمی کے اثرات کچھ دن بعد سامنے آئیں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر

ایک مراسلے میں تمام وکلاء حضرات، آفسران اور اہلکاران و عدالت عالیہ اور متصل دفاتر کا عملہ کو مطلع کیا جاتا ہے

کوئٹہ (ٹی ٹی) عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ کی جانب سے جاری کردہ ایک مراسلے میں میں تمام وکلاء حضرات، آفسران اور اہلکاران و عدالت عالیہ اور متصل دفاتر کا عملہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی روک تھام اور احتیاطی تدابیر کو مدنظر رکھتے ہوئے عدالت عالیہ اور ماتحت عدالتوں میں بوجہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر

نیب فوری شہباز شریف کا نام ای سی ایل میں ڈلوائے، علی زیدی

شہباز شریف تو کورونا سے لڑنے آئے تھے مگر کمرے سے باہر نہیں نکلتے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ نیب سیدھی درخواست ہے شہباز شریف کا نام فوری ای سی ایل میں ڈلوائے۔ ایک انٹرویو میں علی زیدی نے کہا کہ نیب ایک آزاد ادارہ ہے، نیب سیدھی درخواست ہے شہباز شریف کا نام فوری ای سی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر

اسلام آباد؛ وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر این سی او سی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے مالی سال 2019-20 کا اصل ہدف 11 بلین روپے حاصل کر لیا، ممبر آپریشنز بی آر اے نصیب اللہ عمرانی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے مالی سال 2019-20 کا اصل ہدف 11 بلین روپے حاصل کر لیا جبکہ 12 بلین روپے کے اضافی ہدف کے حصول کے لیے کام تیزی سے جاری ہے، ممبر آپریشنز بی آر اے نصیب اللہ عمرانی کے مطابق بی آر اے نے مالی سال 2019-20 کا مقرر کردہ بلین روپے کا ہدف عبور

بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

حب شہر میں نامعلوم چوروں نے سرکاری اسکول کا صفایا کر دیا

لسبیلہ (این این آئی) حب شہر میں نامعلوم چوروں نے سرکاری اسکول کا صفایا کر دیا پولیس نے چوروں کی

بقیہ نمبر 29 صفحہ 2 پر

تحصیل گدر میں لیویز فورس کا کامیاب کارروائی، تین افراد گرفتار

سوراب (آن لائن) تحصیل گدر میں لیویز فورس کا کامیاب کارروائی، تین افراد گرفتار تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر 31 صفحہ 2 پر

ضلع واشک کے سب ٹاگ پک اپ گاڑی الٹنے سے ایک شخص جاں بحق اور 5 افراد زخمی

لسبیلہ (آن لائن) ضلع واشک کے سب ٹاگ پک اپ گاڑی الٹنے سے ایک شخص جاں بحق اور 5 افراد

بقیہ نمبر 30 صفحہ 2 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں لاک ڈاؤن کے باعث جرائم پیشہ عناصر نے سر اٹھانا شروع کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں لاک ڈاؤن کے باعث جرائم پیشہ عناصر نے سر اٹھانا

بقیہ نمبر 32 صفحہ 2 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

مئی کے پہلے ہفتے میں 5 لاکھ قرضداروں نے ادائیگیاں موخر کروائیں، اسٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک کے مطابق مئی کے پہلے ہفتہ تک پانچ لاکھ قرض داروں نے تین سو

بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر

شاہ محمود قریشی کے ہاتھ میں وزیراعظم بننے کی لکیر نہیں، کورونا کے چیلنج کا کوئی بھی ایک متبادل نہیں کر سکتا، شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 34 صفحہ 2 پر

باجوڑ، مٹی کا تودہ گرنے سے تین خواتین جاں بحق

باجوڑ (این این آئی) باجوڑ میں مٹی کا تودہ گرنے سے تین خواتین جاں بحق۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق

بقیہ نمبر 33 صفحہ 2 پر

رحمن ملک ڈاکٹر بھی ہیں اکنامسٹ بھی ہیں، انٹرنیشنل چیئرمین سینٹ ... وقت سب کچھ سکھا دیتا ہے، رحمن ملک

اسلام آباد (این این آئی) رحمن ملک کی تقریر کے دوران ارکین سرگوشیوں پر چیئرمین سینٹ نے کہا ہے کہ رحمن

بقیہ نمبر 35 صفحہ 2 پر

بلوچستان میڈیا ایپ اور ٹوئٹر کے ذریعے حکمرانی کی جا رہی ہے، اپوزیشن

کورونا وائرس کے حوالے سے قائم پارلیمانی کمیٹی کو کوئی اجلاس نہیں ہوا صوبے میں ٹس ایپ اور ٹوئٹر کے ذریعے حکمرانی کی جا رہی ہے، ملک سکندر خان ایڈوکیٹ اور ارکان اپوزیشن

حکومت اپوزیشن کے 23 حلقوں میں غیر قانونی غیر آئینی طریقے سے غیر منتخب افراد کے ذریعے مداخلت کر رہی ہے، صدر مملکت، چیف جسٹس آف پاکستان، چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھ دیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈوکیٹ اور ارکان اپوزیشن نے کہا ہے کہ حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے اسے حکمرانی کا کوئی حق نہیں، کورونا وائرس کے حوالے سے قائم پارلیمانی کمیٹی کو کوئی اجلاس نہیں ہوا صوبے میں ٹس ایپ اور ٹوئٹر کے ذریعے حکمرانی کی جا رہی ہے، حکومت میں شامل تمام افراد کو ایک دوسرے پر اعتماد نہیں یہ لوگ صرف لوٹنے اور مال بٹورنے کے لئے ایک ساتھ ہیں، کورونا وائرس نے صوبے اور ملک کے حکمرانوں کو بے نقاب کر دیا ہے، جو تربیت کیا کرتے تھے کہ اپوزیشن والے کورونا وائرس کے خوف سے بھاگ جائیں گے آج

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومت امداد نہ دے صرف تین سال میں لیا گیا دس کروڑ روپے کا ٹیکس واپس کرے، فیصل ایدھی

ہمارے رضاکار اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر فلاحی کام سرانجام دے رہے ہیں، سکھر میں میڈیا سے گفتگو

سکھر (این این آئی) ایدھی فاؤنڈیشن کے سربراہ فیصل ایدھی نے حکومت سے کہا ہے کہ وہ امداد نہ دے صرف تین سال میں لیا گیا دس کروڑ روپے کا ٹیکس واپس کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکھر میں ایدھی سینٹر کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے ٹیکس کی واپسی کے لیے حکومت کو خطوط بھی لکھے ہیں لیکن جواب نہیں ملا ہے ان کا کہنا تھا کہ ایدھی فاؤنڈیشن کی جانب سے پورے ملک میں فلاحی کام کر رہا ہے اور چاہے حالات کیسے بھی ہوں وہ فلاحی کام جاری رکھے گی اب بھی کرونا کی موجودہ صورتحال میں ہمارے رضاکار اپنی جانوں کی پرواہ کیے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے سابق نگران وزیراعلیٰ میر جمالی میری ملاقات کر رہے ہیں

نیب بلوچستان نے احتساب عدالت کا فیصلہ بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ کی احتساب عدالت نے سابق ایم ڈی اسامہ لطیف رانا سمیت 11 ملزمان کو آمدن سے زائد اثاثے بنانے کے کیس میں عدم ثبوت کی بنا پر بری کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کی احتساب عدالت نے سابق ایم ڈی اسامہ لطیف رانا سمیت 11 ملزمان کو آمدن سے زائد اثاثے بنانے کے کیس میں عدم ثبوت کی بنا پر بری کر دیا جبکہ نیب بلوچستان نے احتساب عدالت کا فیصلہ بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جسمرات کو کوئٹہ کی احتساب عدالت 11 کے جج اللہ داد روشان نے سابق ایم ڈی اسامہ اور انکے خاندان کے 11 افراد کے خلاف دائر آمدن سے زائد اور بے نامی جائیدادوں کے ریفرنس کیس کا فیصلہ سناتے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر

بلوچستان کے 31 اضلاع میں ٹڈی دل کے خاتمے کیلئے آپریشن تیز کر دیا، ڈاکٹر عارف شاہ

کوئٹہ (آن لائن) زرعی ماہر ڈاکٹر عارف شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے 31 اضلاع میں ٹڈی دل کے خاتمے کیلئے آپریشن تیز کر دیا ہوائی اسپرے کیلئے 2 ہیلی کاپٹر استعمال ہو رہے ہیں وفاق سے 8 ہوائی جہاز اور تربیت یافتہ عملہ طلب کر لیا ہے تفصیلات کے مطابق محکمہ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر

بازار کی مختلف مارکیٹوں سے بارش کا پانی نکالنے کیلئے ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں

صفائی مہم کے دوران بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک میونسپلٹی ملازم بھی زخمی ہو گیا جسے علاج کے لئے سول ہسپتال منتقل کیا گیا

نصیر آباد (ٹی ٹی) گزشتہ روز نصیر آباد میں طوفانی بارش کے باعث سندھ بلوچستان قومی شاہراہ پر بارش کا پانی جمع ہونے کی وجہ سے ٹریفک کی آمدورفت میں خلل اور عوامی مشکلات میں اضافہ ہو گیا تھا جس کے ازالے کے لیے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر چیف آفیسر ڈیرہ مراد جمالی حاجی آزاد خان گرگیج کی نگرانی میں میونسپلٹی عملہ نے مشینری کے ذریعے بارش کا پانی نکالا، بازار کی مختلف مارکیٹوں سے بارش کا پانی نکالنے کیلئے ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں صفائی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر

کوئٹہ یوم علی کی مناسبت سے نکالے جانے والے جلوس پر پابندی عائد

حکومت بلوچستان نے کورونا وائرس کے خطرے کے پیش نظر 21 رمضان المبارک کو یوم علی کی مناسبت سے نکالے جانے والے جلوس پر پابندی عائد کر دی

کورونا وائرس کے وباء کے پیش نظر سرکاری احکامات کی روشنی میں ہر قسم کے سیاسی و مذہبی جلسے جلوس پر پابندی عائد ہے

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے کورونا وائرس کے خطرے کے پیش نظر 21 رمضان المبارک کو یوم علی کی مناسبت سے نکالے جانے والے جلوس پر پابندی عائد کر دی مطابق ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ صدر بلوچستان شیعہ کانفرنس سید داؤد آغا کو مراسلہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے وباء کے پیش نظر سرکاری احکامات کی روشنی میں ہر قسم کے سیاسی و مذہبی جلسے جلوس پر پابندی عائد ہے لہٰذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ 20، 21 رمضان المبارک کے سلسلے میں جلوس نکالنے سے اجتناب کریں اور اپنے اہل تشیع حضرات کو ہدایت کریں کہ وہ حکومت بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں کورونا وائرس کی حساسیت کو مدنظر

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

شاہ محمود قریشی وزیر خارجہ کم پی ٹی آئی کے ترجمان زیادہ لگتے ہیں، سینیٹر روبینہ خالد

کے پی کے میں کورونا سب سے زیادہ پھیلا ہوا ہے، خیبر پختونخوا میں ہسپتالوں کے بڑے حالات ہے، خطاب

فیصلہ سازی میں وفاق اور صوبوں کا برابر حصہ ہونا چاہئے، صوبوں کی خودمختاری کیخلاف ہونا آئین کیخلاف ورزی ہے، عثمان کاکڑ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ شاہ محمود قریشی وزیر خارجہ کم پی ٹی آئی کے ترجمان زیادہ لگتے ہیں، کے پی کے میں کورونا سب سے زیادہ پھیلا ہوا ہے، خیبر پختونخوا میں ہسپتالوں کے بڑے حالات ہے۔ جسمرات کو سینٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی بڑے سیاست دان ہے، میں شاہ محمود قریشی کی بڑی عزت کرتی ہوں مگر شاہ محمود قریشی کی گفتگو سے لگتا ہے وہ وزیر خارجہ کم اور پی ٹی آئی کے ترجمان

بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر

احتساب عدالت نے سابق ایم ڈی واسا حامد لطیف رانا کو الزامات ثابت نہ ہونے پر بری کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) احتساب عدالت نے سابق ایم ڈی واسا حامد لطیف رانا کو الزامات ثابت نہ ہونے پر بری کر دیا نیب نے سابق ایم ڈی واسا کے خلاف 22 کروڑ روپے سے زائد کی بدعنوانی کا ریفرنس دائر کیا تھا احتساب عدالت نے سابق ایم ڈی واسا حامد لطیف رانا کو بری کر دیا احتساب عدالت کے جج اللہ داد روشان

بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر

عوام کے مسائل کا فوری حل حکومتی ترجیحات میں شامل ہے، نور محمد دمڑ

ہرنائی وزیارت کے عوام کے مسائل کا حل بی اے پی کی حکومت کی اولین ترجیح ہے

پارٹی میں قربانیاں دینے والوں کارکنوں، حمایتوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں گے، صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقے کے دونوں اضلاع ہرنائی وزیارت کے عوام کے مسائل کا حل بی اے پی کی حکومت کی اولین ترجیح ہے، بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی، صحت، تعلیم، سڑکوں کی تعمیر بجلی کی سے محروم علاقوں میں بجلی کی فراہمی، سمیت عوام کے دیگر تمام مسائل کے حل کے لئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے پارٹی میں قربانیاں دینے والوں کارکنوں، حمایتوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں گے پارٹی عہدیداروں اور کارکن پارٹی کی فعالی کیلئے جدوجہد تیز کریں موجودہ حکومت تمام محکموں میں خالی اسامیوں پر صوبے کے بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار فراہمی کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہیں پارٹی عہدیدار اور کارکن لاک

بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر

19 اہلکاروں میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی تھی 19 اہلکار مکمل طور پر صحتیاب ہو چکے ہیں، عبدالرزاق چیمہ

یوم علی کے جلوس کی مناسبت سے حکومت بلوچستان نے اجازت نہیں دی احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے جلوس کا اہتمام کیا جا سکتا ہے، ایڈیشنل آئی جی پولیس

کوئٹہ (آن لائن) ایڈیشنل آئی جی پولیس عبدالرزاق چیمہ نے کہا ہے کہ کوئٹہ پولیس کے ایس ایس پی، ایس پی، ایس ایچ او سمیت 19 اہلکاروں میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی تھی 19 اہلکار مکمل طور پر صحتیاب ہو چکے ہیں احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے پولیس اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے یوم علی کے جلوس کی مناسبت سے حکومت بلوچستان نے اجازت نہیں دی احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے جلوس کا اہتمام کیا جا سکتا ہے ایڈیشنل آئی جی پولیس

بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر

اسلام آباد؛ وفاقی دارالحکومت فیصل مسجد میں فرزند اسلام اعتکاف میں بیٹھ گئے

بلوچستان کا زرعی شعبہ تباہی کے دہانے پر ہے، سیاسی جماعتیں

ٹڈی دل حملے سے چند گھنٹوں میں کھڑی فصلیں تباہ ہو جاتی ہے بلوچستان کے 80 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاش، زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں سے وابستہ ہے

بلوچستان کا زرعی شعبہ تباہی کے دہانے پر ہے ٹڈی دل کی افزائش نہ روکی گئی تو صوبے کو خوراک کی سنگین کمی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلوچستان کا زرعی شعبہ تباہی کے دہانے پر ہے ٹڈی دل کی افزائش نہ روکی گئی تو صوبے کو خوراک کی سنگین کمی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ٹڈی دل حملے سے چند گھنٹوں میں کھڑی فصلیں تباہ ہو جاتی ہے بلوچستان کے 80 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاش، زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں سے وابستہ ہے بلوچستان کے زمیندار پریشانی سے دوچار ہیں حکومت لائحہ عمل مرتب کریں ٹڈی دل کی افزائش ہاتھ یا ٹریکٹر اسپرے کے ذریعے نہیں روکی جا سکتی ہے بلکہ ہیلی کاپٹر اور ہیل اسپرے سے روکی جا سکتی ہے وفاق سے 500 ملین اور صوبائی حکومت سے 304 ملین روپے کی ڈیمانڈ کی ہے تاکہ جلد سے جلد ٹڈی دل کو ختم کر کے زراعت کو حملے اور ٹڈی دل کی خاتمے کیلئے اسپرے کے عمل کو آگے بڑھا سکیں ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صدر صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند، جمعیت علماء اسلام کے اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ایڈوکیٹ، عوامی نیشنل

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

چین میں دوبارہ کرونا پھیلنے پر روکنا مشکل ہو سکتا ہے، صدر شی جن پنگ

بیجنگ (این این آئی) چین کی کمیونسٹ پارٹی کے پولٹ بیورو نے کہا ہے کہ ملک میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی واپسی اور اس کے نئے مریضوں کے اضافے کو روکنا ایک مشکل کام ہو سکتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بیان چینی صدر شی جن پنگ کے زیر صدارت پولٹ بیورو کے اجلاس میں سامنے آیا۔

بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر

حکومت اور وزراء لاک ڈاؤن کی دھمکیاں دینے کی بجائے ملک گیر تاجر تنظیموں کیساتھ مل کر ایس او پیز بنائیں

ملک میں جاری مسلسل 95 دن لاک ڈاؤن کے بعد مارکیٹ اور بازار کھلنے سے یکدم رش پڑنا فطری عمل ہے

حکومت تمام شاپنگ مالز، پلازے، بازار کو بھی کھولنے کا اعلان کرے، اسلام آباد میں پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر محمد کاشف چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت اور وزراء ملک میں دوبارہ لاک ڈاؤن کرنے کی دھمکیاں دینے کی بجائے ملک گیر تاجر تنظیموں کے ساتھ مل کر ایس او پیز بنائیں تاکہ کرونا سے بچتے ہوئے معیشت کا پہیہ چلایا جا سکے، ملک میں جاری مسلسل 45 دن لاک ڈاؤن کے بعد مارکیٹ اور بازار کھلنے سے یکدم رش پڑنا فطری عمل ہے، ہم نے حکومت کو عید سے متعلقہ کاروبار 24 گھنٹے اور پورا ہفتہ کھولنے مختلف کاروبار

بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر

مالی امداد کا پروگرام چل رہا ہے 100 ارب تقسیم ہو چکے، شبلی فراز

قرضوں میں جکڑا ملک عالمی وبا کا مقابلہ کر رہا ہے، اپوزیشن ہلیم گیم نہ کھیلے

آفت سے نمٹنے کیلئے تمام صوبوں کو رقم فراہم کی گئی، سینیٹ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا ہے کہ قرضوں میں جکڑا ملک عالمی وبا کا مقابلہ کر رہا ہے، اپوزیشن ہلیم گیم نہ کھیلے، کورونا وبا نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کا مسئلہ ہے، پاکستان میں کورونا کیسز دوسرے ممالک سے بہت کم ہیں۔ جسمرات کے روز سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات شبلی فراز نے کہا کہ حکومت نے معاشی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے کورونا سے نمٹنے کی پالیسی بنائی، مالی امداد کا پروگرام چل رہا ہے، 100 ارب تقسیم ہو چکے، آفت سے نمٹنے کیلئے تمام صوبوں کو رقم فراہم کی گئی۔ لاک ڈاؤن سے ملک کا اور مزدور طبقہ زیادہ متاثر تھا، حکومت کو پریشانی تھی کہ لوگ کورونا سے شاید نہ مریں، بھوک سے ضرور مر جائیں گے۔ انہوں نے اپوزیشن سے درخواست کی کہ کورونا کے معاملے کو

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

قلات کے مختلف علاقوں میں ٹڈی دل کے حملوں سے مقامی زمینداروں کو ناقابل تلافی نقصان

قلات (این این آئی) قلات کے مختلف علاقوں میں ٹڈی دل کے حملوں سے مقامی زمینداروں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے مگر محکمہ زراعت قلات نے چپ سادھ لی ہے ٹڈی دل کے پے در پے حملوں سے زمینداروں میں شدید تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے قلات

بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر

بلوچستان بھر کی تاجر برادری کی جانب سے بلوچستان شیعہ کانفرنس کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین حاجی عاشق اچکزئی حاجی فاروق شاہوانی اسلم ترین یعقوب شاہ کاکڑ غلام مہدی ہزارہ محمد حسین کونسلر افتخار حسین محمد حسین ہزارہ سید حیدر آغا اور میر اکرم ہنگوئی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں بلوچستان شیعہ کانفرنس کی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر

ہم اپنی آئندہ نسلوں کو آلودگی سے پاک اور ایک صحتمند ماحول فراہم کر سکیں، عبدالجبار

بلین ٹری سونامی پروگرام کی کامیابی کیلئے محکمہ فاریسٹ کے ساتھ بھرپور مدد و تعاون کریں، ناظم اعلیٰ محکمہ

کوئٹہ (ٹی ٹی) ناظم اعلیٰ محکمہ فاریسٹ عبدالجبار نے کہا ہے کہ باشعور اقوام اپنے ماحول کو صاف ستھرا اور صحت مند رکھنے کیلئے اجتماعی و انفرادی طور پر اپنا کردار ادا کرنے کیلئے ہر لمحہ تیار رہتی ہیں یہ بات انہوں نے محکمہ فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف کی جانب سے بلوچستان میں وزیراعظم عمران خان کے جاری بلین ٹری سونامی پروگرام پر ایک پیغام میں کہی انہوں نے کہا کہ جنگلات کی حفاظت کر کے ماحول کو بہتر بنانے کے عمل میں ہم سے ہر ایک کو اپنا حصہ ڈالنا ہوگا لہٰذا ہمیں چاہئے کہ ہم

بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر

بلیگو ایف سی بلوچستان ساؤتھ کی جانب سے فری راشن تقسیم کیا جا رہا ہے

صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی کورونا وائرس کا شکار ہو گئے

کورونا وائرس کا رزلٹ مثبت آنے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھ میں کورونا کی علامات ظاہر نہیں ہوئی

خود کو گھر میں آئسولیٹ کر لیا اور ڈاکٹرز کے مشوروں پر عمل کر رہے ہیں وہ صحت یاب ہو رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خزانہ کورونا وائرس کے شکار ہو گئے صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے کورونا وائرس کا رزلٹ مثبت آنے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھ میں کورونا کی علامات ظاہر نہیں ہوئی تاہم انہوں نے خود کو گھر میں آئسولیٹ کر لیا اور ڈاکٹرز کے مشوروں پر عمل کر رہے ہیں ان کا کہنا ہے کہ وہ صحت یاب ہو رہے ہیں اور صحت یابی کیلئے دعا کرنے والوں کا تہہ دل سے مشکور ہیں اس سے قبل بھی صوبائی اسمبلی کے ایک ر

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز ۱ مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔shalquetta@gmail.com

15 مئی 2020ء

ملک بھر میں مزید 33 افراد کورنا وائرس کے باعث جاں بحق

ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 33 افراد کورنا وائرس کے باعث انتقال کر گئے جس کے بعد جاں بحق مریضوں کی تعداد 770 ہوگئی 1452 نئے کیسز سامنے آگئے اور کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 35 ہزار 788 تک جا پہنچی، 9665 مریض صحتیاب ہوگئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر نے تازہ اعداد وشمار جاری کر دیئے جس کے مطابق ملک بھر میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 35 ہزار 788 تک جا پہنچی۔ گذشتہ 24 گھنٹوں میں 33 اموات ہوئیں جس کے بعد ملک بھر میں مجموعی اموات کی تعداد 770 ہوگئیں۔ 24 گھنٹوں میں 1452 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، گذشتہ 24 گھنٹوں میں 13 ہزار 51 ٹیسٹ کیے گئے۔ ترجمان کمانڈ سینٹر کے مطابق مجموعی طور پر 3 لاکھ 30 ہزار 750 ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں، ملک بھر میں 9 ہزار 695 مریض صحتیاب ہو کر گھر پہنچ گئے۔ کورونا وائرس سے متاثرہ مریضوں کی تعداد 13341، پنجاب میں 13561 ہوگئی، کے پی میں کورونا وائرس سے متاثر مریضوں کی تعداد 5252، بلوچستان میں 2239 ہوگئی۔ ترجمان کیمطابق اسلام آباد میں کورونا سے متاثرہ مریضوں کی تعداد 822، ازاد جموں وکشمیر 91، گلگت میں 482 ہوگئی۔

طویل لاک ڈاؤن سے جنم لینے والے نفسیاتی مسائل

اقبال بلوچ

حالیہ عالمی وباء کووڈ-19 کی وجہ سے جہاں روزمرہ زندگی میں نمایاں تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں وہیں اس کے بے پناہ اور تیزی سے پھیلاؤ کی وجہ سے مختلف قسم کے جسمانی اور نفسیاتی مسائل جنم لے رہے ہیں۔ اس وباء کی وجہ سے لاکھوں انسانی زندگیوں کو لاحق خطرات کی وجہ سے دنیا بھر کے ممالک نے لاک ڈاؤن کر دیا اور مارکیٹوں دکانوں سکولوں اور عبادت گاہوں کو مکمل یا جزوی طور پر بند کیا ہوا ہے۔ اس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلیے دنیا بھر کی حکومتوں نے اپنے تئیں اقدامات کیے ہیں۔ تاہم دنیا بھر میں لاک ڈاؤن ہی اس سے بچنے کا واحد حل خیال کیا جاتا ہے۔ سدرہ اختر فاؤنڈیشن ڈرگز اینڈ سائیکولوجیکل ری ایبلیٹیشن انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کے چیئرپرسن ڈاکٹر سدرہ اختر کے مطابق اس طویل غیر یقینی صورتحال کی وجہ سے مختلف ذہنی امراض میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ جن میں کرونا وائرس کا خوف، ذہنی دباؤ میں اضافہ، بے چینی، چڑچڑاپن، منفی خیالات میں اضافہ، بھوک کا نہ لگنا، ناامیدی مایوسی، منفی اور تنقیدی رویوں میں اضافہ جیسے مسائل شامل ہیں۔ جبکہ جسمانی قوت مدافعت میں شدید کمی اور ذہنی اعصاب میں تناؤ بھی ان نفسیاتی عوارض میں شامل ہیں۔ ان مسائل کی وجہ سے خودکشی گھریلو جھگڑوں اور ان جیسے جرائم میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ انکے بقول ذہنی امراض سے نمٹنے کیلیے مختلف جسمانی ایکسرسائز جیسے دوڑنا، روزانہ ورزش، چہل قدمی، مثبت سوچ اپنانا، جسمانی مدافعت میں اضافے کیلیے دن میں 10 سے 15 منٹ دھوپ میں بیٹھنے، وٹامن سی اور ڈی سے بھرپور خوراک اور پھلوں کے زیادہ استعمال کی ہدایت کی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں انکے بقول سماجی رابطوں کے ویب سائٹ جیسے فیسبک وٹس ایپ اور سنسنی پھیلانے والے دیگر ذرائع سے دوری، اچھی خوراک، پوری نیند کی تجاویز پر عمل سے ان سے بچا جاسکتا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک نے طویل لاک ڈاؤن اور اسکی وجہ سے شہریوں کی زندگیوں پر رونما ہونے والے نفسیاتی مسائل کے حل کیلیے حکومتی سطح پر اقدامات کیے ہیں۔ آن لائن کونسلنگ اور طبی ماہرین کی خدمات سے استفادہ حاصل کرنے کیلیے خصوصی اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ کووڈ 19 کے وباء سے پاکستان بھی زیادہ دیر تک بچ نہیں سکا۔ یوں تو پاکستان میں کرونا کا وباء تفتان بارڈر اور بیرونی ممالک سے بذریعہ ہوائی جہاز آنے والوں کی وجہ سے پھیلا۔ اس سلسلے میں صوبہ سندھ سب سے زیادہ متاثر ہوا۔ جبکہ حالیہ اعداد شمار کے مطابق پنجاب سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے جہاں ایک دن میں رپورٹ ہونے والے کیسوں کی تعداد بتدریج تین اور چار کے ہندسہ عبور کر گیا ہے۔ بلوچستان خیبرپختونخوا اور گلگت بلتستان بھی کووڈ-19 کے وار سے محفوظ نہیں رہے۔ گزشتہ تقریباً 50 دنوں سے ملک بھر میں لاک ڈاؤن ہے۔ اشیاء خورد ونوش اور دیگر بنیادی ضروری اشیاء کی دکانوں کے علاوہ تمام کاروباری مراکز، مساجد، عبادت گاہیں تعلیمی ادارے سرکاری ونجی دفاتر سمیت تمام معمولات معطل رہیں۔ طویل لاک ڈاؤن اور مسلسل گھروں میں بند رہنے کی وجہ سے شہریوں کی زندگیوں پر انکے منفی اثرات پڑے ہیں۔ جسمانی بیماریوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ ذہنی اور نفسیاتی مسائل میں بھی بے پناہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ جیسا کہ پہلے ذکر کیا جاچکا ہے کہ ترقی یافتہ اقوام نے شہریوں کو لاحق نفسیاتی مسائل کے تدارک کیلیے آن لائن مشاورتی لیکچر اور ماہرین نفسیات سے براہ راست رابطے کی سہولیات فراہم کی ہے جس سے وہاں کے شہریوں کو اس سلسلے میں کافی مدد ملی ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ ملک میں اس سلسلے میں اقدامات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ تاہم سندھ حکومت اس سلسلے میں کافی مستعد اور رہنما خدمات سرانجام دے رہی ہے اس سلسلے میں شروع دن سے اس بات پر وزیراعلیٰ کی جانب سے کافی زور دیا جارہا ہے کہ کووڈ-19 کے علاج کے ساتھ شہریوں کی ذہنی صحت کا بھی خیال رکھا جائے۔ حکومت سندھ نے تمام صوبوں سے پہلے جناح ہسپتال کراچی میں اس حوالے سے خصوصی سیل بنائی جو کووڈ-19 اور لاک ڈاؤن کی وجہ سے پیدا ہونے والی صورتحال اور اسکے شہریوں کی ذہنی صحت پر پڑنے والے اثرات کو کم کرنے کیلیے کام کررہی ہے۔ پنجاب اور کے پی کے نے بھی اس حوالے سے حکومتی سطح پر اقدامات اٹھائے ہیں۔ تاہم بلوچستان میں اس سلسلے میں حکومتی سطح پر بولان میڈیکل کمپلیکس میں نفسیاتی امراض کے ڈیپارٹمنٹ کی خدمات حاصل کی جاسکتی ہیں تاہم حیران کن طور پر اس اہم شعبے کو یکسر نظرانداز کر دیا گیا ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر نجی شعبے سے تعلق رکھنے والے صوبے کے ماہرین نفسیات کی تنظیم "بلوچستان سائیکالوجسٹ ایسوسی ایشن" نے اپنے تئیں ایک آن لائن مہم کا آغاز کیا ہے جس میں ماہرین نفسیات آن لائن مریضوں کے مسائل سنتے اور انہیں مشورے دیتے ہیں۔ ایسوسی ایشن کے صدر میر بہرام لہڑی کیمطابق وہ اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر بذریعہ انٹرنیٹ، فون کال، وٹس ایپ، سکائپ وغیرہ کے روزانہ سیکڑوں مریضوں کے مسائل سنتے اور نفسیاتی مسائل سے نمٹنے کیلیے انکی کاؤنسلنگ اور مشورے دیتے ہیں۔ ان کے بقول ان کے اس مہم کی وجہ سے اب تک سینکڑوں افراد کو فائدہ پہنچا ہے۔ میر بہرام لہڑی اور انکے دیگر ساتھی ماہر نفسیات اپنا مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ صوبے کے بڑے ہسپتال جیسے بی ایم سی اور سول ہسپتال کے شعبہ ہائے دماغی امراض سے استفادہ کیا جائے اور حکومتی سطح پر شہریوں کیلیے لازمی ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ ایسے ہی موقعوں سے نمٹنے کے لئے ہمیشہ بلوچستان کی پسماندگی دور کرنے کا مطالبہ کیا جارہا رہا ہے۔ اب جبکہ حکومت نے لاک ڈاؤن میں نرمی کا اعلان کر دیا ہے مگر عوام کی جانب سے احتیاطی تدابیر نہیں اپنائے جارہے ہیں۔ جس سے براہ راست قیمتی جانوں کو خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ بہرحال یہ ایک مشکل گھڑی ہے اسے صبر وتحمل، بلند حوصلوں کے ساتھ گزارنا ہے۔ ہمارے مسائل ذہنی وجسمانی پاکیزگی سے ہی ختم ہوسکتے ہیں۔

سوراب انتظامیہ اور صحافی برادری

ابوبکر دانش میروانی

صحافت عربی زبان کے لفظ "صحف" سے ماخوذ ہے جس کا مفہوم صفحہ یا رسالہ اخذ کیا جاسکتا ہے۔ انگریزی میں جرنلزم، جرنل سے ماخوذ ہے یعنی روزانہ کا حساب یا روزنامچہ۔ صحافت کسی بھی معاملے کے بارے میں تحقیق یا پھر سامعین تک پہنچانے کے عمل کا نام ہے، بشرطیکہ اس سارے کام میں نہایت ایمانداری اور مخلص انداز میں کیا جائے۔ صحافت لوگوں کی رہنمائی کرنے، افراد کو ایک دوسرے سے جوڑنے، معلومات بہم پہنچانے اور تبصروں کے ذریعہ عوام الناس کو حقائق سے روشناس کرانے کا نام ہے، تیس مئی کو دنیا بھر میں عالمی یوم صحافت منایا جاتا ہے، اس دن صحافت کی راہ میں ایثار وقربانی پیش کرنے والے صحافیوں کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے، مختلف تقاریب منعقد ہوتی ہیں اور دانشور حضرات پر مغز تقاریر کرکے اس شعبے کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہیں۔ اس سال کرونا کیوجہ سے تقاریب تو منعقد نہ ہوئیں، لیکن اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سمیت تمام ملکی وبین الاقوامی شخصیات نے اس دن کی مناسبت سے اپنے اپنے پیغامات اور بیانات ارسال کیے ہیں۔ عالمی سطح پر دن منانا ایک اچھی روایت ہے، لیکن اکثر اوقات یہ ایام محض باتوں میں ہی گزر جاتے ہیں اور اس دن کا اصل ہدف ومقصد یوں ہی ضائع ہوجاتا ہے۔ صحافت کا عالمی دن بھی دیگر ایام کی طرح اپنے بنیادی اہداف کے تذکرے کے بغیر گزر جائیگا۔ اس طرح تیس مئی 2021ء کا دن طلوع ہوجائیگا اور صحافت اور صحافی وہیں کے وہیں کھڑے رہیں گے۔ سوشل میڈیا کے نئے دور نے صحافت اور صحافی کے تصور کو نئے زاویوں سے روشناس کرایا ہے۔ آج جس کے پاس اینڈرائیڈ موبائل فون ہے اور وہ سوشل میڈیا کی دنیا سے منسلک ہے، وہ صحافی ہے، اس کی اہم ترین خبروں تک دسترس ہے اور وہ اس پر اپنے بے لاگ تبصرے بھی کر رہا ہے۔ پرنٹ کے بعد الیکٹرونک میڈیا نے کچھ عرصہ اپنا بھرپور رنگ جمایا لیکن پرنٹ میڈیا اور الیکٹرونک میڈیا کی اہمیت کے باوجود سوشل میڈیا نے خبروں کی ترسیل، منابع تک رسائی اور اس پر فوری تجزیوں کی صورت میں تمام ذرائع ابلاغ کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ سوشل میڈیا ایک شتر بے مہار ہے، وہ کسی بھی طرف رخ کرسکتا ہے۔ اس کے باوجود پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا بہت سی خامیوں اور کوتاہیوں کے باوجود سوشل میڈیا سے زیادہ معتبر اور قابل اعتماد ہے۔ لیکن اس بات سے بھی انکار ممکن نہیں کہ حالیہ پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا پر سامراجی طاقتوں بلکہ اگر کھل کر کہا جائے تو صیہونی میڈیا نے اپنا سازشی تسلط جما رکھا ہے۔ صیہونی لابی کے اس قبضے نے پرنٹ بالخصوص عالمی الیکٹرونک میڈیا کے کردار کو مشکوک بنا دیا ہے۔ صحافت کے عالمی دن پر اس بات کا عہد کرنا چاہیئے کہ صحافت، جرنلزم اور خبروں اور تجزیوں کے تبادلے کو حقیقت سے زیادہ سے زیادہ قریب کیا جائے، لیکن ایسا کون کرے، صیہونی لابی نے سب کے ہاتھ باندھ رکھے ہیں صحافی بے لوث اور حقیقی رضاکار ہوتے ہیں جن کو کبھی بھی اپنی ذاتی زندگی کی پرواہ نہیں ہوتی، وہ ہمیشہ بھی ترقی واستحکام اور علاقائی مسائل کی آواز حکام بالا تک پہنچاتی ہے صحافت ہر دور اور ہر معاشرے میں میں کلیدی اہمیت کا حامل شعبہ ہے اگر صحافی سچائی عوام کے سامنے لانے میں اپنا کردار ادا نہ کریں تو ملک گھپ اندھیروں میں ڈوب جائے گا، صحافیوں کی اصل طاقت قلم، کیمرہ، حق وسچ لکھنا اور بولنا ہے عوامی مسائل کیلیے آواز بلند کرنے والے بھی یہی صحافی ہوتے ہیں ان کو اپنے شعبے سے دلی لگاؤ ہوتا ہے، یہی قابل، محنتی اور حقیقی صحافت کو پروان چڑھانے والے اور اس شعبے سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کی فلاح وبہبود اور جان ومال کی تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے کیونکہ صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے، مگر افسوس ہمارا معاشرہ ہمارا انتظامیہ اس ستون کو مضبوط کرنے بجائے گرانے پر اپنی صلاحیتوں کو صرف کر رہا ہیں گزشتہ دنوں سوراب انتظامیہ کی جانب سے صحافیوں کے ساتھ بدتمیزی اور اخبارات کو جلانا اس بات کی ثبوت ہے، سوراب انتظامیہ کو صحافیوں کے ساتھ ساتھ مقدس اوراق کی بھی قدر نہیں ہے، اس حرکت سے صحافی برادری کی دل آزاری ہوئی ہے، اس وقت پاکستان میں صحافی شدید مالی مشکلات ومسائل سے دوچار ہیں۔ دوسری جانب خطے میں نامناسب حالات وواقعات اور دہشتگردی کے باعث درجنوں صحافی اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے لیکن اس کے باوجود صحافیوں نے کبھی اپنی ڈیوٹی سے منہ نہیں پھیرا بلکہ درست اور جلد معلومات بہم فراہم کرکے عوام تک پہنچائے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ہشت صفات شخصیت ناصر ناکاگاوا

جی، ہشت صفات شخصیت ناصر ناکاگاوا، المعروف" چھوٹے بھائی" جو فیصل آباد کے رہنے والے ہیں۔

میر افسر امان

دوسرے پاکستانیوں کی طرح یہ بھی جاپان روزی کمانے گئے۔ خوب روزی کمائی اور پھر وہیں کے ہوگئے۔ جاپانی خاتون سے شادی کی۔ جاپانی خاندان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے، اپنی بیوی کے خاندانی نام "ناکاگاوا" اپنے نام کے ساتھ لگا لیا۔ اللہ نے فرمانبردار اولاد سے نوازا۔ ایک بیٹا جوان ہو کر گورنر ہاؤس بطور سول سرونٹ ملازمت کر رہا ہے۔ تیس برس سے وہیں رہ رہے ہیں۔ ایک چھوٹا کا گھر بھی بنا لیا ہے۔ کسی کمپنی میں ملازمت کے ساتھ ساتھ دستاویزات کا ترجمہ اور عدالتوں میں مترجم کا کام بھی کرتے ہیں۔ جاپانی امیگریشن سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات اور مشورے کی بغیر فیس کے خدمت کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک صحافی، ادیب، مصنف، مزاح نگار، سیاح، فوٹو گرافر، سفرنامہ نگار، افسانہ نگار، ترجمہ نگار اور سب سے خاص بات کہ دنیا کے ساتھ سے زائد ممالک میں پڑھا جانے والا، جاپان کا نمبر ون آن لائن اُردو اخبار" اُردو نیوز جاپان" ویب سائٹ کے بانی اور چیف ایڈیٹر ہیں۔ راقم سے اسی اُردو اخبار کا مضمون نگار ہونے کے ناتے تعارف ہوا۔ راقم کو اپنی نئی کتاب "دیار دوستاں" تحفہ میں عنایت کی۔ حسب عادت آج کا مضمون اسی کتاب پر تبصرہ اور ناصر ناکاگاوا صاحب کی ہشت صفات شخصیت پر کچھ عرض کرنا مقصود ہے۔ اپنے وطن پاکستان اور اس کی قومی زبان اُردو سے پیار کرتے ہے۔ وطن میں رشتہ داروں کے ساتھ ساتھ وطن کے مشہور ومعروف شخصیات، جیسے عبدالقدیر خان صاحب، جنہوں نے پاکستان کو ایٹمی قوت بنایا ہے رابطہ رکھتے ہیں۔ ساری دنیا میں علمی وادبی دوستوں کا جال پھیلا رکھا ہے۔ ہم جیسے غیر معروف لوگوں سے بھی ٹیلیفونک رابطہ رکھتے۔ وطن آنے پر شرف ملاقات کا بھی وعدہ کیا ہے۔ ناصر ناکاگاوا نے اپنی کتاب" دیار دوستاں" میں جاپان اور پاکستان کی بہت سی مشترکہ روایات کا تذکرہ کیا ہے۔ ان کی بہن سیدہ زہرہ عمران صاحبہ اپنے" چھوٹے بھائی" ناصر ناکاگاوا کے لیے فرماتی ہیں کہ کتاب" دیار دوستاں" میں ادب کی کئی اصناف پر طبع آزمائی کی گئی ہے۔ ہم نے بھی (جاری ہے)

خوف سے بے نیاز

قریبر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

خود کو مخلوق سمجھتے ہیں اور خالق کو نہیں پہچان سکے۔ چلتی پھرتی تصویریں اپنے مصور کو نہیں پہچان پائیں۔ بندہ بشر اپنے پالنے والے سے بے خبر ہے۔ خوش قسمتی سے اپنے رب کو تو ایک مانتا ہے لیکن بدقسمتی سے اس کی ایک نہیں مانتا۔ رب کا ذکر تو بہت کرتا ہے اس پر یقین نہیں رکھتا۔ اپنے جگری دوست کی بات کا تو اعتبار کرتا ہے اور خالق کو بھول جاتا ہے۔ خالق نے کہا ہے کہ میں ہوں رزاق، بس سن لیتا ہے مگر رزاق تو وہ دفتر کو مانتا ہے، اپنی دکان کو مانتا ہے، اپنے تھیلے کو سمجھتا ہے، اپنے کارخانے کو سمجھ بیٹھا ہے۔ سب کے بغیر بھی وہ مالک دے سکتا ہے، یہ نہیں مانتا تھوڑی سی تکلیف آجائے تو آہ وزاری کرتا ہے۔ شکر کرتا تو سیکھا ہی نہیں مگر کوئی یاد دہانی کرائے تو بہت کم شکر ادا کرتا ہے اور شکوہ شکایت بے پناہ۔ کسی حال میں بھی تو خوش نہیں ہے یہ سمجھتا ہے کہ بہت داتا ہے دیتا ہے لیکن کہاں ہے داتا، کہاں ہے دینا؟ فقیر ولا ہے، بے ہمت اور جلد اکتا جانے والا بندے تو وہ ہیں جو خالق پر ایسا یقین رکھیں جیسے کہ صبح سورج کے نکلنے کا، رات کو چاند ستاروں کا۔ ایسا یقین رکھنے والا ہی تو بندہ کہلانے کا مستحق ہے۔ یہ بندہ کہلانا کوئی معمولی بات نہیں۔ رب کو خوش رکھنا ہے تو بندے ہو، رب نے جو کہہ دیا اس پر ایسا یقین کر لو کہ پھر تمہیں کوئی خدشہ نہ ستائے۔ رب نے کہہ دیا تو بس یہ ہو کر رہے گا۔ سورج تو ہوسکتا ہے کل طلوع نہ ہو۔ وہ بھی تو مخلوق ہے نا، لیکن رب کی بات ہے اٹل، رب کا وعدہ ہے سچا۔ بس وہی ہے خالق ومالک، کھلانے والا پالنہار۔

انسان کو کیا ہوگیا، بس اکیلے ہی ہر شے چٹ کرنا چاہتا ہے، کیا ہوگیا ہے اسے ابھی مرغی کو دیکھا ہے تم نے، دانا دنکا چگنے کے بعد پانی پیتے ہوئے، جو دیکھنا چاہیے وہ تم دیکھتے نہیں ہو، جو نہیں دیکھنا اسے آنکھیں پھاڑ کر دیکھتے ہو۔ دیکھو کبھی مرغی کو پانی پیتے ہوئی، ہر قطرہ پر سر اٹھا کر آسمان تکتی ہے، شکر بجالاتی ہے اپنے رب کا شکر اور جب سیر ہوجائے تو پانی کے کٹورے کو پیر مار کر گرا دیتی ہے، دوسرے وقت کیلیے نہیں رکھتی۔ تم سے تو یہ مرغی زیادہ شکر گزار ہے تمہیں کیا ہوگیا ہے؟ کیوں نہیں سمجھتے، کب سمجھو گے۔ یہ وقت تو گزر رہا ہے، پچھلا تو خود کو، اپنے مالک کو رحم کر مخلوق پر۔ حرص تیج چھوڑ دو، بل بانٹ کے کھاؤ۔ اکیلے تو تم کچھ نہیں کھا سکو گے، سب فتنہ ہے۔ مال بھی فتنہ، غربت بھی۔ رب کو پکارو تو فلاح پا جاؤ گے۔

لیکن بندہ تو حرص تیج ہی ہے، ہاں رب کو مطلوب تو حرص ہی ہے لیکن ایسی حرص نہیں جو لوگوں کو آزار پہنچائے۔ یہ حرص نہیں یہ تو حرص غلیظ ہے، کتے والی حرص ہے۔ بھی کتے کو دیکھو، اگر کہیں سالم ثابت مردار گائے مل جائے تو بس وہ اسے اکیلا ہی چٹ کرنا چاہتا ہے۔ کبھی موقع ملے تو ذرا اس منظر کو دیکھو۔ وہ دوسرے کتوں کو آگے بڑھنے ہی نہیں دیتا اور خود ساری گائے کھا بھی نہیں سکتا۔ باقی سارے اسے تکتے رہتے ہیں لیکن جب کتے کا پیٹ بھر جائے تو وہ بھی باقی گائے کو کہیں دوسرے وقت کے لیے چھپا کر نہیں رکھتا، دوسروں کیلیے چھوڑ دیتا ہے۔ کتا حریص ہے لیکن انسان یہ تو اب کتوں سے بھی بازی لے گیا، خود ہی سب کچھ کھانا چاہتا ہے۔ سنبھال سنبھال کر رکھتا ہے باقی محروم رہتے ہیں۔ کوا بھی بہت حریص ہوتا ہے بہت زیادہ لیکن کہیں ایک چھوہارا بھی کھلا مل جائے تو کائیں کائیں کرکے آسمان سر پر اٹھا لیتا ہے۔ وہ منادی کرتا رہتا ہے دوسرے کوؤں کو بلاتا ہے کہ آؤ کھلا مل گیا ہے، اسے بانٹ کر کھائیں اور وہ سب اسے مل بانٹ کر کھاتے ہیں۔

کس کی یہ آرزو نہیں تمنا نہیں، تڑپ اور کسک نہیں کہ میں سفر حیات کی شاہراہ پر جوان دیکھے گزروں، انجانی کھائیوں، ان دیکھی بلاؤں، انجانی انتلاؤں، ان دیکھے نشیب وفراز سے گھری ہوئی ہے، آگے ہی آگے بڑھتا جاؤں آگے ہی آگے شاداں وفرحاں اپنی مخصوص منزل کی طرف مزید بڑھتا جاؤں اور یہ سفر نہایت ہی قلیل عرصے اور انتہائی کم وقت میں طے کرلوں مگر وائے ان دیکھی بلائیں اور انجانی انتلائیں کہ مجھ راہی اس شاہراہ حیات کے مسافر کو اتنی بے دردی اور بے رحمی کے ساتھ دبوچ لیتی ہیں کہ اس کا حسین وجمیل خواب اور انتہائی نرم ونازک شیش محل چور چور ہوجاتا ہے اور بیچارہ مسافر پھٹی پھٹی آنکھوں سے کف افسوس ملتا رہتا ہے۔ بہت سے مسافر دھڑام سے گر جاتے ہیں کہ ان کی ہمتیں ٹوٹ پھوٹ جاتی ہیں، ان کی قوتیں پاش پاش ہوجاتی ہیں، ان کی صلاحیت دم توڑ دیتی ہیں اور وہ ہارے ہوئے، حالات کے پٹے ہوئے، قسمت کے مارے مسافر پھر اٹھنے اور اٹھ کر ذرا اسی شاہراہ حیات پر بڑھنے کا یارا اپنے اندر نہیں پاتے اور بیٹھنے اور سسک سسک کر جان دینے ہی میں اپنی عافیت سمجھتے ہیں۔

ایسے لاڈلوں پر شاہراہ حیات ہنستی ہے، زور زور سے ہنستی ہے بلکہ قہقہہ لگاتی ہے اور چلا چلا کر اسے بزدلوں، کم ہمتوں، نامردوں جیسے ناموں سے مخاطب ہو کر کہتی ہے کہ ارے لاڈلو! تاریخ عالم کے اوراق الٹ لو ان اوراق پر صرف اور صرف ان جواں مردوں، بہادروں، جیالوں، آہنی عزائم اور فولادی ارادوں کے مالک مسافروں ہی نے انمٹ نقوش ثبت کئے ہیں جنہوں نے گرنے ہی میں اٹھنے کا راز پالیا، جنہوں نے ناکامیوں ہی میں کامیابیوں کی بشارتیں سن لیں، جنہوں نے اپنی بیچارگی اور بدقسمتی کے دامن ہی میں چارہ گری اور خوش بختی کے پھول پالیے، جنہوں نے ٹوٹے حوصلوں میں ہی فولادی عزائم کے گر سیکھے، جنہوں نے زمانے کے غالم تھپیڑوں سے گر کر ہی نئے عزم اور نئے ارادوں سے اٹھنے کا فن سیکھ لیا!

ارے لاڈلو غور سے سنو! شاہراہ حیات کانٹوں، ان دیکھے کانٹوں کی سیج ہے۔ یہ پھولوں بھری راہ نہیں، ان کانٹوں سے الجھے بنا بھی یہ آپ سے الجھ جائیں گے۔ ذرا کچھ دیر رکئے نا، بڑے صبر کے ساتھ، بڑی احتیاط وعزم کے ساتھ، بڑی خندہ پیشانی کے ساتھ، الجھے ہوئے کانٹوں سے الجھئے مت بلکہ ان کو سلجھایئے۔ سلجھنے اور سلجھانے کے اس ناپسندیدہ عمل میں آپ کو کچھ وقت لگ جائے گا، یہ مت سمجھئے، خدارا یہ مت سمجھئے کہ آپ کا یہ قیمتی وقت سلجھنے اور سلجھانے کے عمل میں ضائع ہوا۔ واللہ ابھی وقت قیمتی ہے جسے آپ ضائع شدہ وقت سمجھتے ہیں، یہی وقت شاہراہ حیات پر آپ کے بقیہ سفر کے نوک پلک درست کرے گا، آپ کے بقیہ سفر کو آسان بنادے گا اور آپ کے بقیہ سفر کیلیے راہ نمایانہ کردار ادا کرے گا، شرط صرف ایک ہے کہ بصیرت کی آنکھوں سے کانٹوں کو پہچانئے اور بصیرت کی آنکھوں سے ہی ان کانٹوں کو سلجھایئے۔ واللہ کامیابی قدم چومنے کیلیے آپ کی منتظر ہے۔

اگر ہمیں شاہراہ حیات پر کامیابی کے ساتھ آگے بڑھنا اور منزل مقصود سے ہمکنار ہونا ہے تو قرآن وحدیث ہی ہمارے لئے سرچشمہ حیات ہے۔ اسی قرآن وحدیث نے ہمیں درس دیا ہے کہ جتنا جتنا اللہ سے ڈرو گے اتنا ہی دنیا تم سے ڈرے گی۔ جتنے خلوص کے ساتھ تم اللہ کے دین پر صبر واستقامت کا ثبوت دو گے اتنے ہی التفات کے ساتھ خدا تمہیں عزت وکامیابی سے ہمکنار کرے گا۔ تم اللہ کے حضور جھکو گے، خدا دنیا کو تمہاری قدموں میں جھکا دے گا۔ جب ایک تنہا انسان محمد رسول اللہ ﷺ نے پوری دنیا کے بالمقابل توحید کی دعوت پیش کی تھی تو ظاہری اسباب کی بنا پر آخر کون گمان کرسکتا تھا کہ یہ دعوت مخالفت کے بڑے بڑے پہاڑوں کو ریزہ ریزہ کردے گی لیکن دنیا نے دیکھا کہ خدا پر بھروسہ کرنے والے صابر پیغمبر کی استقامت نے ہر طوفان مخالفت کا منہ موڑ دیا اور وہی فضا جو تہہ بر تہہ ظلمتوں کا مسکن تھی نور دانش سے جگمگا اٹھی گئی۔

کیا یہ ہماری بدعملی اور بے عملی کا نتیجہ ہے کہ امت مسلمہ کی ناگفتہ بہ حالات اور استعمار کے خلاف جنگ کے گہرے سمندر کے بیچ ہچکولے کھا رہی ہے؟ کتنا ہی اچھا ہوتا اگر ہم میں ہر فرد کا حلقہ باعمل بننے کی سعی مشکور کرتا تو امت کی ناگفتہ بہ حالات کا سینہ چیر کر کامرانی اور کامیابی کے ساتھ منزل سے جا لگتی۔ کامیابی اور نجات کیلیے گناہ کا اقرار ہی کافی نہیں بلکہ توبہ کی صورت میں اعمال نیک کا صدور ہی نجات کا ضامن ہوتا ہے۔ غذا کی کتنی ہی نئی قسمیں ایجاد کرلی جائیں لیکن انہیں تناول کرنے کیلیے نئے منہ اور نئے دانتوں کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اسی طرح احوال وظروف کتنے ہی مختلف ہوں مگر ان سے عہدہ برآ ہونے کے لئے وہی پرانی صلاحیتیں درکار ہوں گی جنہوں نے کفر وشرک کی فولادی قوتوں سے اپنا لوہا منوایا تھا۔ وہ اسلام جو ایک اللہ کا خوف دیگر ہر دوسرے خوف سے بے نیاز کردیتا ہے، اس ترغیب کی ضرورت ہے۔ بس ایسی ہی باتیں کرتے تھے وہ۔ آج یاد آئے تو آپ کو بتا دیا۔

سنا تو ہوگا تو نے ایک انسانوں کی بستی ہے
جہاں بکتی ہوئی ہر چیز بیچنے کو ترستی ہے

کورونا، بیٹا یا بیٹی، رحمت یا زحمت؟

خواب اور خیال/ آغا نیاز مگسی

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت پوری دنیا عالمی وباء کورونا وائرس کی لپیٹ میں آچکی ہے۔ اور یہ بھی ماننا پڑے گا کہ کورونا ایک خوف اور ایک دہشت کی علامت بن کر سامنے آیا ہے یہ اور بات ہے کہ یہ دکھائی بھی نہیں دیتا اور پکڑائی بھی نہیں دیتا۔ کورونا وائرس اپنی موجودگی کا احساس موت کی طرح دلاتا ہے جس کو دیکھا تو نہیں جاتا مگر اس کو بڑی شدت کے ساتھ محسوس کیا جارہا ہے۔ موت کے بھی 2 طرح کے احساسات ہوتے ہیں۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ جن کی موت کی دعائیں مانگی جاتی ہیں اور ایسے لوگوں کی موت پر نہ صرف خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے بلکہ جشن بھی منایا جاتا ہے اور کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ان کی بڑی زندگی اور لمبی عمر کی دعائیں مانگی جاتی ہیں اور ایسے لوگوں کی موت پر مایوسی، شدید دکھ کا اظہار کیا جاتا ہے اور سوگ بھی منایا جاتا ہے۔ کورونا وائرس بھی ایک ایسی وباء اور مرض بن کر وارد ہوا ہے کہ اس کو اکثریت تو زحمت بلکہ عذاب الاہی سمجھتی ہے مگر دنیا میں کچھ ایسے ممالک اور ان کے ایسے حکمران بھی ہیں جو کورونا کو اپنے ملک اور قوم کے لیے نہ صرف رحمت سمجھتے ہیں بلکہ اس کو تحفہ خاص سمجھتے ہیں۔ کورونا وائرس کے بارے میں طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ اپنی جنس اور جنس مقام، موسم اور ماحول کے مطابق تبدیل کرتا رہتا ہے اس لیے یہ کہیں مونث ہے تو کہیں مذکر ہے اور کہا جاتا ہے جب کسی جنس کے خطرناک ثابت ہونے کی بات کی جائے تو نر کی نسبت مادہ زیادہ خطرناک ثابت ہوتی ہے۔ اس بات کا مشاہدہ ہمارے ملک میں اکثر ہوتا رہتا ہے کہ جب مرد خودکشی کرتا ہے تو صرف اپنی جان لے لیتا ہے جبکہ اس کے برعکس جب کوئی عورت خودکشی کرتی ہے تو وہ اپنی جان لینے سے پہلے اپنے بچوں کی جان لیتی ہے اس کے بعد اپنی زندگی کا خاتمہ کرتی ہے۔ صرف انسان ہی نہیں دیگر حیوانات اور حشرات الارض وغیرہ میں بھی ایسا ہوتا ہے۔ دنیا میں کسی بھی بیماری سے زیادہ انسان ملیریا کے مرض میں مبتلا ہو کر مرجاتے ہیں اور یہ ملیریا نر مچھر نہیں بلکہ مادہ مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے۔ یعنی انسان کے لیے نر مچھر نہیں بلکہ مادہ مچھر خطرہ بھی ہے اور خطرناک بھی ہے۔ عظیم فاتح سکندر اعظم کی موت بھی ملیریا کے باعث واقع ہوئی۔ اب جبکہ دنیا کے اکثر ممالک می

شمال بقیہ 1

پر کورونا وائرس سے متاثرہ افراد کی سکریننگ، ٹریکنگ اور ٹریسنگ کے میکنزم کو مربوط کرنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ وزیراعلیٰ نے سب ڈویژن کی سطح پر اسسٹنٹ کمشنروں کی سربراہی میں قائم سرویلنس کمیٹیوں کو فعال بنانے کی ہدایت کی کانفرنس میں رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف پر بیٹھنے کی ایس او پی پر عملدرآمد اور مساجد میں جرائم کش ادویات کا چھڑکاؤ یقینی بنانے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ کمشنر نماز عید کی ادائیگی کی ایس او پی کی تیاری اور عملدرآمد کے لئے سفارشات پیش کریں۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پولیس امن وامان کے علاوہ کورونا وائرس سے متعلق معاملات میں بھی ضلعی انتظامیہ کی بھرپور معاونت کرے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کشمنر ڈینگی اور ملیریا کے حوالے سے بھی الرٹ رہتے ہوئے انکے پھیلاؤ کی روک تھام کے اقدامات کریں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ڈبلیو ایچ او کے مطابق کورونا وائرس کے اثرات طویل ہو سکتے ہیں جن سے نمٹنے کے لئے طویل مدتی منصوبہ بندی ضروری ہے اس صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے تمام کمشنر اپنے ڈویژن میں صحت کی ضروریات کے مطابق ترقیاتی منصوبے تیار کریں جنہیں آئندہ مالی سال کی psdp میں شامل کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام ڈپٹی کمشنر کمپنیوں کی جانب سے اپنے اضلاع کے سی ایس آر کی مد میں ملنے والے فنڈز صحت کے شعبہ پر خرچ کریں سمارٹ لاک ڈاؤن کی خلاف ورزی نہ ہونے دی جائے ماسک کے استعمال کو یقینی بنایا جائے اور عوام میں احتیاطی تدابیر کا شعور اجاگر کیا جائے ڈپٹی کمشنر بڑے نجی اداروں اور کثیر القومی کمپنیوں سے رابطہ کر کے کورونا وائرس سے نمٹنے کے اقدامات میں انکی معاونت حاصل کریں اور تفتان میں پری ٹیب رہائش اور دیگر سہولتوں میں اضافہ کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے کورونا وائرس کی احتیاطی تدابیر اسکے پھیلاؤ کی روک تھام راشن کی تقسیم، احساس پروگرام پر عملدرآمد اور ٹڈی دل کے تدارک کے لئے کمشنروں اور ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت نے آگاہ کیا کہ تمام اضلاع کو ضرورت کے مطابق وی ٹی ایم کٹس فراہم کر دی گئی ہیں تاہم ضلعوں کی جانب سے ٹیسٹ کے نمونے نہیں بھجوائے جا رہے ہیں انہوں نے بتایا کہ جلد خضدار میں پی ایس ایل گریڈ 2 ٹیسٹنگ لیبارٹری کام شروع کر دے گی۔

شمال بقیہ 2

برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کورونا وائرس کے ملک بھر میں متاثرین کے اعداد و شمار، مصدقہ کیسز، جغرافیائی پھیلاؤ، ٹیسٹنگ کی تعداد اور کیسز میں اضافے کے تناسب کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں مستقبل کے اعداد و شمار اور بدلتی صورتحال کے مطابق ہسپتالوں میں بستروں کی دستیابی، طبی آلات کی فراہمی اور پیشہ ور عملے کی موجودگی یقینی بنانے کے حوالے سے امور پر گفتگو ہوئی اور صحت کی سہولیات اور ہسپتالوں کی استعداد میں اضافے کے حوالے سے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم عمران خان نے کورونا وائرس کی وجہ سے لاک ڈاؤن اور اس کے نتیجے میں عام آدمی کی روزمرہ کی زندگیوں پر پڑنے والے منفی اثرات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس غیر معمولی صورتحال میں ہمیں بھوک اور وبا کی روک تھام کے حوالے سے حفاظتی اقدامات میں توازن برقرار رکھنا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہماری آبادی کو جس قدر خطرہ لاک ڈاؤن سے ہے اس سے کہیں زیادہ بھوک و افلاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاک ڈاؤن کورونا کا علاج نہیں بلکہ عارضی اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے فیصلے زمینی حقائق اور عوام کی حالت زار دیکھ کر کرنے ہیں۔ ہمیں یہ ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ اس صورتحال میں جب تک ہماری معیشت بحال نہیں ہو جاتی، ہمارے غریب اور نادار طبقے کی مشکلات بھی بڑھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ادراک ہے کہ کاروبار کی بندش سے معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے لیکن یہ اقدام نہایت مجبوری میں اٹھانا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس ایک حقیقت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ موجودہ حالات میں ہمیں کورونا کی روک تھام اور حفاظتی تدابیر کے حوالے سے وضع شدہ قواعد و ضوابط پر عملداری کو ہر صورت ممکن بنانا ہے تاکہ عوام کی زندگی محفوظ رہے۔

شمال بقیہ 3

کے دوران وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی کا کہنا تھا کہ فردوس عاشق اعوان وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کی بھی اہل نہیں تھیں، اس وزارت کو سنبھالنا آسان نہیں کیونکہ یہ اب ایک بہت بڑا پلیٹ فارم ہے، ان کو بہت پہلے ہٹا دینا چاہیے تھا۔ فواد چوہدری نے کہا کہ فردوس عاشق اعوان نے لابنگ کے ذریعے وزارت تو حاصل کر لی تھی پروہ اسے چلا نہیں سکیں جس کا پی ٹی آئی سمیت وزیراعظم آفس کو بہت نقصان ہوا۔ فواد چوہدری نے کہا کہ وزارت اطلاعات میں عاصم سلیم باجوہ کی شمولیت سے وزیراطلاعات شبلی فراز کو بڑی مدد ملے گی کیونکہ عاصم سلیم باجوہ کیپٹن کے حوالے سے سارے کام آتے ہیں۔ وفاقی وزیر سے جب کورونا وبا کے باعث لاک ڈاؤن کے متعلق پوچھا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ دو اسمارٹ کیپٹنوں کے مطابق اگلے سال ستمبر سے پہلے ویکسین کی تیاری ممکن نہیں تو ڈیڑھ سال ملک بند نہیں کیا جا سکتا اسی لیے لاک ڈاؤن میں نرمی کی گئی ہے اور نرمی سے متعلق فیصلے صوبوں اور ماہرین کی مشاورت سے روز کیے جاتے ہیں۔ وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا کہ پاکستان کورونا وائرس سے تحفظ کے لیے حفاظتی کٹس برآمد کرنے جا رہا ہے۔ پاکستان ایک سال میں میڈیکل کے شعبے میں اتنا خود کفیل ہو جائے گا کہ وینٹیلیٹرز سمیت دیگر میڈیکل ڈیوائسز برآمد کرنے کی پوزیشن میں ہوں گے اور اب حفاظتی کٹس اور ہینڈ سینیٹائزر میں اتنے خود کفیل ہو چکے ہیں کہ کابینہ نے برآمد کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ وینٹی لیٹرز سے متعلق ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ایک سال کے اندر وینٹی لیٹرز برآمد کرنے کا اہل ہوگا، وینٹیلیٹرز کے 58 ڈیزائن موصول ہوئے جس میں سے 13 شارٹ لسٹ کیے گئے اور اب سات ڈیزائنز کا لسٹنگ کے مرحلے میں ہیں۔

شمال بقیہ 4

وہ خود منظر عام سے غائب ہیں، حکومت اپوزیشن کے 23 حلقوں میں غیر قانونی غیر آئینی طریقے سے غیر منتخب افراد کے ذریعے مداخلت کر رہی ہے منتخب نمائندوں کو نظر انداز کر کے بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکنوں کو منصوبے دیئے جا رہے ہیں جس پر صدر مملکت، چیف جسٹس آف پاکستان، چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھ دیا ہے کہ وہ اپنی آئینی ذمہ داری نبھاتے ہوئے نااہل حکومت سے چھٹکارا دلوائیں۔ یہ بات بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، بی این پی کے پارلیمانی لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی کے نصر اللہ زیرے، جمعیت علماء اسلام کے زابد علی ریکی نے جمعرات کو بلوچستان اسمبلی میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ 2018 میں جب حکومت بنی ہم نے بلوچستان میں امن، خوشحالی، حقوق کے حصول کے لئے حکومت کو تجاویز دیں کہ کرپشن و بدعنوانی کا خاتمہ کیا جائے، میرٹ پر تمام اقدامات کئے جائیں، تعلیم اور صحت کو اہمیت دی جائے ساتھ ہی صوبے کے وسائل جن میں ریکوڈک، گوادر، سینڈک کو پارلیمنٹ کی پالیسی میں اولیت دی جائے حکومت نے ہمارے تمام نکات پر اتفاق کیا لیکن بدقسمتی سے آج تک پارلیمنٹ کے کئے گئے فیصلوں پر ایک بھی قدم نہیں اٹھایا گیا۔

شمال بقیہ 5

پارٹی کے صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ ٹڈی دل کی افزائش نسل سے بڑے پیمانے پر تباہی کا خطرہ ہے لاکھوں کی تعداد میں بھی، نصیر آباد ڈویژن، سبی ڈویژن میں ٹڈی دل کی افزائش نسل ہوئی ہے حکومت ہیلی کاپٹر یا ریل اسپرے کے ذریعے ٹڈی دل کی افزائش نسل کو روک سکتی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال آنے والے ٹڈی دل کی جرمنوں نے انڈے دیئے تھے جن کی اب افزائش نسل ہو رہی ہے ٹڈی دل کی تعداد لاکھوں میں ہے اور آنے والے دنوں میں خوراک کا بحران پیدا ہو سکتا ہے ٹڈی دل نے فصلوں کو نقصان پہنچا دیا ہے۔

شمال بقیہ 6

رکھتے ہوئے جلسے جلوس نہ نکالیں اس کے باوجود بھی اگر جلوس منعقد کیا گیا اور کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما ہوا تو اس کی تمام تر ذمہ داری بلوچستان شیعہ کانفرنس پر عائد ہوگی۔

شمال بقیہ 7

ڈاؤن سے متاثرین کیلئے بچھایا گیا راشن حقیقی اور مستحق افراد کے دہلیز پر پہنچائے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر نے حلقے کے دنوں اضلاع کے پارٹی عہدیداروں، کارکنوں سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر نے پارٹی کارکنوں عہدیداروں کی جانب سے پیش کردہ مسائل غور سے سنے اور انہیں جلد حل کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی یقین دہانی کی صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے مسائل کا فوری حل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ ہم عوام کے بنیادی مسائل کا حل چاہتے ہیں کیونکہ جب تک لوگوں کے پاس کھانے کیلئے روٹی، پہننے کے لئے کپڑے، رہنے کے لئے چھت اور باعزت روزگار نہیں ہوگا ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جب عوام خوشحال ہوگی تو ہی ملک خوشحال ہوگا اور ترقی کرے گا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہماری پہلی ترجیح ہرنائی سبی ریلوے لائن کی تعمیر و مرمت کا کام مکمل کر کے ہرنائی سبی ریلوے ٹریک پر ٹرینوں کی بحالی، ہرنائی سبی کے درمیان روڈ کی تعمیر ہرنائی کوئٹہ قومی شاہراہ کی ازسرنو ڈبل تعمیر ہرنائی پنجاب شاہراہ شاہراہ کی تعمیر سنجاوی تا کوئٹہ شاہراہ کی ڈبل تعمیر، سنجاوی تا ٹوبہ لالائی روڈ کی تعمیر ہے جو کہ دونوں اضلاع کی ترقی اور معیشت میں سنگ میل ثابت ہونگے۔

شمال بقیہ 8

سیاست سے پاک رکھا جائے، الزامات نہ لگائے جائیں تجاویز دیں۔ شیلی فراز نے کہا کہ کورونا وائرس پاکستان کا ہی نہیں پوری دنیا کا مسئلہ ہے، کورونا کے خلاف فرنٹ لائن پر لڑنے والوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاکستان میں کورونا مریضوں کی تعداد 30 ہزار سے تجاوز کر گئی اور اموات ہزار سے کم ہے، امید ہے کہ عمران خان کی قیادت میں ہم اس بحران سے بھی نکل جائیں گے۔ شیلی فراز نے کہا کہ لاک ڈاؤن سے مڈل کلاس اور مزدور طبقہ زیادہ متاثر تھا، بازاروں میں ایس او پیز کی خلاف ورزی دیکھ رہے ہیں، غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا گیا تو ہمارا انجام اچھا نہیں ہوگا، عوام احتیاط کرے اور ایس او پیز پر عمل کرے، دو تین مہینوں کی بات ہے ایس او پیز پر عمل کریں نہیں تو ایک بار پھر دکانیں بند ہو جائیں گی۔ مشاہد اللہ کہتے ہیں کہ احساس پروگرام میں احسن اقبال کے نام بھی پیسا آیا، ازراہ تفنن کہتا ہوں یہ نام آپ نے ہی ڈلوایا ہوگا کہیں کا پیسا آپ نہیں چھوڑتے، اشرافیہ وہ ہے جو قانون سے بالاتر سمجھا جاتا ہے پیار ہو تو بیرون ملک جاتا ہے، جب ان سے سوال پوچھے جاتے ہیں تو یہ کہتے سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

شمال بقیہ 9

اعلیٰ آفیسران، ہسپتال کے سربراہ، جبکہ مختلف محکموں کے ملازمین سمیت صحافیوں کی ایک بڑی تعداد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہو چکی ہے۔

شمال بقیہ 10

گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایس او پیز پر عملدرآمد نہیں ہوا تو فیصلوں پر نظر ثانی کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ ابھی جو کیسز سامنے آ رہے ہیں اس کی توقع کی جا رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومتوں اور وفاق کو اس بات پر سختی کرنی پڑی کی کہ جتنے بھی کاروبار کھلیں ہیں وہاں ایس او پیز پر عمل درآمد کرائیں اور عمل نہ کرنے والوں کو سزائیں دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کیسز میں مزید اضافہ ہوا تو دوبارہ لاک ڈاؤن کر سکتے ہیں۔ معاون خصوصی کا کہنا تھا کہ موجودہ صورتحال کا روزانہ کی بنیاد پر قریب سے معائنہ کر رہے ہیں، ہم لاک ڈاؤن کے بھی متحمل نہیں ہو سکتے لہذا اسمارٹ لاک ڈاؤن کی طرف جا سکتے ہیں۔

شمال بقیہ 11

ایل میں ڈلوائے، میری ایجنسی ہے ای سی ایل کیلئے نیب سمری بھیجے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف تو کورونا سے لڑنے آئے تھے مگر گھر سے باہر نہیں نکلے، شہباز شریف کورونا کے خلاف کچھ تو کریں تاکہ عوام کو نظر آئے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ وزیراعظم عمران خان کو اپوزیشن سننے کی تو وہ ضرور اسمبلی آئیں گے، ہمیں اسمبلی میں بیٹھ کر بیکار دیتے ہیں لیکن ہماری باری پر اٹھ کر چلے جاتے ہیں۔ علی زیدی نے بتایا کہ کورونا کی وبا ختم نہیں ہوئی بلکہ لوگوں کی سہولت کیلئے لاک ڈاؤن نرم کیا اب لوگ خود بھی احتیاط کریں اور ایس او پیز پر عمل درآمد کریں۔

شمال بقیہ 12

گا۔ جمعرات کو ترجمان دفتر خارجہ کی ترجمان عائشہ فاروقی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں ماہ مقدس رمضان میں بھی بھارتی قابض فوج کے مظالم جاری ہیں، مقبوضہ کشمیر صحافیوں کو دبایا جا رہا ہے، مقبوضہ کشمیر میں گزشتہ سال پانچ اگست سے اب تک بھارت کے مظالم جاری ہیں، اس وقت جب دنیا کورونا وائرس سے نبرد آزما ہے بھارت کی طرف سے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں افسوسناک ہیں، مقبوضہ کشمیر کی 90 لاکھ آبادی پر بھارتی مظالم جاری ہیں، احتجاج کرنے والے ہزاروں کشمیریوں پر پیلٹ گن اور لائیو اسلحہ استعمال کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو دبا نہیں سکتا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا یو این قرار دادوں کے تحت حل عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ہیومن رائٹس واچ رپورٹ کے مطابق بھارت میں نفرت آمیز تقاریر میں اضافہ ہوا ہے، بھارتی میڈیا نے بھی اپنی ٹیک کورونا جہاد کے الفاظ استعمال کیے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ اسرائیلی حکومت کے فلسطینی علاقوں کو ضم کرنے کی مذمت کرتے ہیں، اسرائیل کی طرف سے ضم کرنے کا اقدام عالمی قانون کی خلاف ورزی ہوگا۔ ترجمان نے کہا کہ مشرقی بیت المقدس اور مغربی کنارہ فلسطینی علاقے ہیں، پاکستان مسئلہ فلسطین کے دو ریاستی حل کا حامی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان 1967 کے سرحدی نقشے پر مشتمل آزاد فلسطین کا حامی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر اور فلسطین یو این ایجنڈے پر سب سے پرانے ایشوز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر اور فلسطین میں آبادی کا تناسب بدلنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

شمال بقیہ 13

اپریل 14 مئی اور 15 مئی کو ساعت کے لیے مقرر کردہ تمام مقدمات کو ڈی لسٹ کر دیا گیا ہے لہذا آئندہ سماعت کی تاریخ بعد ازاں مطلع کر دیا جائے گا۔ لہذا کورونا وائرس کے پھیلاؤ سے بچنے کے لیے عدالت عالیہ کے تمام جوڈیشل برانچ کورٹ رجسٹرز ماتحت عدالتوں میں جرائم کش اسپرے کے اہتمام کی وجہ سے تمام عدالتی سرگرمیاں معطل رہیں گی۔

شمال بقیہ 14

کر لیا ہے جبکہ پی آر اے کی بہترین کارکردگی کی بنیاد پر ہدف کو بڑھا کر 12 بلین کر دیا گیا تھا جس حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے مہر آپریشنز پی آر اے نصیب اللہ عمرانی کا کہنا تھا کہ کورونا وائرس کی مشکلات اور اقتصادی تنزلی کے باوجود پی آر اے 12 بلین کا ہدف حاصل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ نے ٹیکس پیئرز فرینڈلی ماحول میں اپنا ٹیکس ہدف حاصل کیا ہے ٹیکس پیئرز کو سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ادارہ اپنے ہدف کی جانب گامزن ہیں۔

شمال بقیہ 15

ستر ارب روپے کے قرضوں کی ادائیگیاں موخر کرائیں، جبکہ چھ ارب روپے کے قرضے ری شیڈول کروائے گئے۔ اسٹیٹ بینک کے ایک بیان کے مطابق بینکوں کے قرضہ موخر اور ری شیڈول کرنے کی سہولت کو عوامی پذیرائی مل رہی ہے۔ مئی کے پہلے ہفتہ 5 لاکھ قرض داروں نے 370 ارب روپے کے قرضوں کی ادائیگیاں موخر کرائیں اور 54 ارب روپے کے قرضے ری شیڈول کروائے گئے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ ابھی بھی بینکوں سے قرضہ موخر اور ری شیڈول کرانے کے لئے مزید 90 ہزار درخواستیں زیر غور ہیں۔

شمال بقیہ 16

بلایا وہ پیش ہوئے، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ پیشی کمیشن میں پیش نہیں ہوئے، وزیراعلیٰ سندھ نے کئی جگہ سے سفارشیں کرائیں کہ کمیشن میں نہ بلایا جائے جب سفارشیں نہ مانی گئیں تو مراد علی شاہ نے کمیشن میں آنے سے منع کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ پیشی کمیشن کی جانب سے مزید وقت کی درخواست نہیں دی گئی، امید ہے آئندہ ہفتے پیشی کمیشن کی رپورٹ آ جائیگی، حکومت نے خود کو احتساب کیلئے پیش کیا اور احتساب ہو رہا بھی ہے۔ شریف خاندان کی کرپشن سے متعلق شہزاد اکبر نے کہا کہ اسلام آباد کمشنر حمزہ شہباز کو 200 ملین قرضہ کی مد سے دے رہی ہے، یہ کیسا قرضہ ہے جو صرف حمزہ شہباز کو ہی دیا جاتا ہے، شریف خاندان نے براہ راست پبلک پیسہ لوٹ رکھا ہے، حمزہ شہباز کے اثاثوں میں 10 سالوں میں 1100 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ شہزاد اکبر نے کہا کہ لندن کے فلیٹ خریدے گئے تو اس وقت شریف فیملی کے وسائل نہیں تھے جس دن یہ کیس شروع ہوا اس دن سے سلیمان شہباز ملک سے چلے گئے اس لیے مطالبہ کیا ہے شہباز شریف کا نام ای سی ایل میں ڈالنا چاہیے۔

شمال بقیہ 17

بغیر فلاحی کام سرانجام دے رہے ہیں کیونکہ ہمارے ادارے کا مقصد عوام کی خدمت ہے اور وہ ہم کرتے رہیں گے ان کا کہنا تھا کہ کورونا وائرس کی وجہ سے مشکلات پیش آئی ہیں لیکن حکومت کے ساتھ مل کر خدمت کا یہ سلسلہ جاری رکھیں گے ان کا کہنا تھا کہ کورونا کے ٹیسٹ سو فیصدی درست نہیں آتے اس لیے چودہ روز قرنطینہ کے بعد بھی مریض کو خیال رکھنا پڑتا ہے کیونکہ پوری دنیا میں ٹیسٹ نیگیٹو آنے کے باوجود احتیاط کی جاتی ہے مجھ میں کورونا کی علامات ظاہر ہوئیں تو میں نے ٹیسٹ کرایا میری لوگوں سے بھی اپیل ہوگی کہ وہ احتیاط برتیں سماجی فاصلے رکھیں اور علامات ظاہر ہونے کی صورت میں اپنا ٹیسٹ ضرور کرائیں ان کا کہنا تھا کہ اللہ نہ کرے کہ پاکستان میں اٹلی یا اسپین جیسے حالات پیدا ہوں مگر ہم نے اپنے طور پر احتیاط کا دامن ہاتھ سے جانے نہیں دینا ہے اور ان کا کہنا تھا کہ آج کا میڈیا مضبوط ہے کہ پل پل کی خبر پہنچا رہا ہے 19 ویں صدی میں تو نزلے کی بیماری سے دو کروڑ سے زائد اموات ہوئی تھیں ان کا کہنا تھا کہ ہمارا ادارہ کرونا کے خلاف جنگ میں ہر وقت کام کرنے کے لیے تیار ہے حکومت کو بھی جو مدد چاہیے ہم دینے کو تیار ہیں۔

شمال بقیہ 18

متبادل دنوں میں کھولنے یا الگ الگ اوقات کار میں کھولنے، ایس او پیز پر عملدرآمد، رش کنٹرول کرنے، پارکنگ ایریاز کے نظام، داخلی و خارجی راستوں، پانی اور ٹھیلوں کی فراہمی، ہدایات پر عملدرآمد کیلئے ٹیموں کی تشکیل کی تجاویز دیں، مگر حکومت نے انکو ماننے کی بجائے بہت ہی محدود وقت اور ہفتہ میں چار دن کاروبار کھولنے کا فیصلہ کر دیا، انھوں نے کہا ہمارا مطالبہ ہے کہ حکومت تمام شاپنگ مالز، بازار، بیکریز، پارلرز کو بھی کھولنے کا اعلان کرے، تاجر ایس او پیز پر عمل کرتے ہوئے دکانوں کے اندر ماسک، دستانے، سینیٹائزر کا استعمال لازمی بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے اسلام آباد میں تاجر نمائندوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر تقسیم تاجران اسلام آباد کے جنرل سیکرٹری ملک کشمیر، مرکزی ترجمان ضیاء احمد راجہ، غلام علی، جاوید اعوان اور دیگر تاجر رہنماء بھی موجود تھے۔ محمد کاشف چوہدری نے کہا جب حکومت تاجروں کو ریلیف مہیا نہیں کر سکی تو حکومت کے پاس کاروبار کھولنے کے علاوہ اور کون سا راستہ تھا، ہمارے مطالبات کے ساتھ ساتھ حکومت نے اپنی مجبوری سے کاروباروں کو کھولا، کاروباروں کو کھولنے کے لیے ہم نے جو تجاویز دیں حکومت نے نہ اس پر عمل کیا اور نہ ہی اس حوالے سے کوئی منصوبہ بندی کی۔ انھوں نے کہا مارکیٹوں کے راستے، پارکنگ ایریاز، سڑکوں پر رش کنٹرول کے لیے پولیس و رضاکاروں کی ڈیوٹیاں لگائی جائیں، لوکل انتظامیہ و پولیس مقامی تاجر یونین کے ساتھ ملکر پارکنگ، اسٹالز، داخلی و خارجی راستوں کی حکمت عملی طے کریں، اسی طرح حکومت بچوں اور عمر رسیدہ افراد کے گھروں سے باہر نکلنے اور مارکیٹوں اور بازاروں میں آنے پر پابندی عائد کرے، حقوق اجلاسوں، سرکاری میٹنگز، پریس کانفرنسز میں وزراء اور آفیسران کے ماسک نہ لگانے اور سماجی فاصلے برقرار نہ رکھنے پر تمام سرگرمیاں ختم کر دی جائیں۔

شمال بقیہ 19

حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ شمال مشرقی صوبوں میں کورونا کی روک تھام کے لیے اقدامات تیز کیے جائیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ چین بیرون ملک سے آنے متاثرین کی آمد کے لیے بھی اقدامات کرے گا۔

شمال بقیہ 20

نے کرپشن کیس کا فیصلہ سنا دیا نیب نے سابق ایم ڈی واسا کے خلاف 22 کروڑ روپے سے زائد کی بدعنوانی کا ریفرنس دائر کیا تھا استغاثہ کی جانب سے الزامات ثابت نہ ہونے پر حامد لطیف رانا کو بری کر دیا گیا۔

شمال بقیہ 21

زیادہ لگتے ہے، وزیر خارجہ نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹر سلیم مانڈوی والا کے متعلق غلط بیانی کی، سلیم مانڈوی والا نے بس ایس او پیز کو فالو کرنے کا کہا، اس وقت میں خیبر پختونخوا کی بات کرتی ہو، جہاں پی ٹی آئی کی سات سالوں سے حکومت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے میں کورونا سب سے زیادہ پھیلا ہوا ہے، خیبر پختونخوا میں ہسپتالوں کے بڑے حالات ہے، صوبے کے سب سے بڑے ہسپتال لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں ایک سو سے زیادہ ڈاکٹرز متاثر ہوئے ہے۔ سینیٹر عثمان خان کاکڑ نے کہا کہ وزیرستان میں صورتحال اب بھی خراب ہیں۔

شمال بقیہ 22

ہوئے حامد لطیف رانا سمیت تمام 11 ملزمان کو عدم شواہد کی بناء پر کیس سے بری کر دیا، حامد لطیف رانا کو نیب کی جانب سے 35 کروڑ 40 لاکھ کے غیر قانونی اور بے نامی اثاثے بنانے کے الزام میں 2017 میں کوئٹہ سے گرفتار کیا گیا جس کے بعد سے وہ پابند سلاسل تھے، دوسری جانب نیب ڈرائج نے این این آئی کو بتایا ہے کہ نیب بلوچستان نے احتساب عدالت کا فیصلہ بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا ہے درخواست دائر کرنے کے لیے منظوری حاصل کرنے کے لئے نیب کوارٹرز کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا ہے۔

شمال بقیہ 23

متحد ہو کر اس قومی مقصد کے حصول کیلئے کوششوں کا آغاز کریں۔ انہوں نے کہا کہ سرسبز پاکستان اور شاداب بلوچستان کا ہدف حاصل کرنے کیلئے نہ صرف ہر شہری کم از کم ایک درخت ضرور لگائے بلکہ ان کی آبیاری اور حفاظت کو بھی یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کو ان کی قدرتی حالت میں برقرار رکھ کر ہم جنگلی حیات کو بحفاظت آئندہ نسلوں کو منتقل کر سکتے ہیں۔ ناظم اعلیٰ عبدالجبار نے کہا کہ جنگلات کی پیداوار میں اضافے اور اس کے ماخذ کو ملکی اور صوبائی ضروریات کے مطابق بڑھانے کیلئے محکمہ فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف تمام دستیاب ذرائع اور وسائل کو بروئے کار لائے گی۔ انہوں نے اپنے پیغام میں عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ وزیر اعظم عمران خان کے بلین ٹری سونامی پروگرام کی کامیابی کیلئے محکمہ فاریسٹ کے ساتھ بھرپور مدد و تعاون کریں تاکہ ہم اپنی آئندہ نسلوں کو آلودگی سے پاک اور ایک صحتمند ماحول فراہم کر سکیں۔

شمال بقیہ 24

کے مختلف علاقوں گیدی مورگند شیخوری زاوہ سیاہ کوہ اور دیگر علاقوں میں ٹڈی دل کے حملوں میں تیزی آگئی ہیں ٹڈی دل کے ساتھ ساتھ اب ان کے بچے بھی تیار فصلوں پر حملہ آور ہو گئے ہیں جو فصلوں کو تیزی کے ساتھ صفاچٹ کر رہے ہیں قلات کے زمینداروں کا کہنا ہے کہ ٹڈی دل کے خلاف محکمہ زراعت کی جانب سے موثر اقدامات نہیں کیئے جا رہے ہیں اگر ٹڈی دل کو ایسے ہی آزاد چھوڑا گیا تو زمینداروں کو کروڑوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑیگا اور غریب زمیندار دو وقت کی روٹی کے لیئے محتاج ہو جائیں گے انہوں نے کہا کہ گزشتہ چھ مہینوں سے ٹڈیوں کے حملے جاری ہیں مگر حکومت یا کسی محکمے کی جانب سے ٹڈی دل کے خلاف تاحال عملی طور پر کوئی بھی کارروائی نہیں کیا جا رہا ہے اگر ٹڈی دل کے تدارک کے لیئے فوری اور موثر اقدامات نہیں کیئے گئے تو یہ کرونا وائرس سے بھی زیادہ خطرناک ثابت ہو سکتی ہیں۔

شمال بقیہ 25

مہم کے دوران بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک میونسپلٹی ملازم بھی زخمی ہو گیا جسے علاج کے لئے سول ہسپتال منتقل کیا گیا چیف آفیسر ڈیرہ مراد جمالی حاجی آزاد خان گرانی نے بتایا کہ میونسپلٹی عملہ صبح سویرے سے بارش کا پانی نکالنے میں مصروف عمل ہے سندھ بلوچستان قومی شاہراہ پر کھڑا پانی پمپنگ مشینوں کے ذریعے نکالا جا رہا ہے شدید بارش کے باعث نکاس آب سسٹم بند ہو جانے سے گندہ پانی قومی شاہراہ پر نکل آیا ہے اب مشینوں کی مدد سے نکالا جا رہا ہے عوامی مشکلات کے ازالے کے لیے ہمارا عملہ پیش پیش ہے اور کام کی بھی نگرانی کی جا رہی ہے۔

شمال بقیہ 26

زراعت کے طبی ماہرین نے بلوچستان کے 31 اضلاع میں ٹڈی دل کے خاتمے کے لئے آپریشن تیز کر دیا ہوائی اسپرے کے لئے پاک آرمی کے دو ہیلی کاپٹر استعمال ہو رہے ہیں ڈیرہ بگٹی، سبی، لہری، کچھ، ڈھاڈر، بولان، میں چائنہ سے دی گئی پولر مشینوں کے ذریعے اسپرے کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے کہا ہے کہ وفاق نے 8 ہوائی جہاز اور تربیت یافتہ عملہ مانگا ہے 26 مئی سے ایران کے راستے ٹڈی دل کی بھاری کھیپ بلوچستان میں داخل ہوگی وہاں سے خیمنے کے لیئے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنا ہوگا۔

شمال بقیہ 27

بنایا جائے گا عوام کورونا وائرس کے خدشات اور خطرات کو سنجیدگی سے لیں تاکہ اس مہلک وبائی مرض کا خاتمہ کیا جا سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آن لائن سے بات چیت کرتے ہوئے عبدالرزاق چیمہ نے کہا ہے کہ پولیس کے تمام دفاتر اور تھانوں میں احتیاطی تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں چھٹیوں پر گئے اہلکاروں اور افسران کو 14 دن کورنٹائن عمل کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئیں انہوں نے کہا ہے کہ کورنٹائن سینٹرز پر ڈیوٹیاں دینے والے کسی اہلکار میں کورونا وائرس کی تصدیق نہیں ہوئی ہے عوام کو کورونا وائرس کے خدشات کو اور خطرات کو سنجیدگی سے لیں تاکہ اس مہلک وبائی مرض کا خاتمہ کیا جا سکے یوم علی کی جلوس کی مناسبت سے حکومت بلوچستان نے اجازت نہیں دی ہے احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے مجالس کا اہتمام کیا جا سکتا ہے عید الفطر کے موقع پر ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی

کھلاڑیوں کو جدید طرز پر تربیت فراہم کرنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، خالق ہزارہ

حکومت کھیل کے شعبے سے تعلق رکھنے والے تمام کھلاڑیوں کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی کریگی

کھلاڑیوں سے انکی حوصلہ افزائی کیلئے کیا گیا ایک اور وعدہ آج پورا ہو گیا' صوبائی مشیر کھیل و ثقافت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ کھلاڑیوں کو جدید طرز پر تربیت فراہم کرنے کے لیے صوبائی حکومت بھرپور اقدامات کر رہی ہے حکومت کھیل کے شعبے سے تعلق رکھنے والے تمام کھلاڑیوں کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی کریگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ساؤتھ ایشیا اور 33 ویں نیشنل گیمز 2019 میں تمغہ یافتہ کھلاڑیوں کے اعزاز میں تقسیم انعامات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری کھیل عمران بگٹی، ڈی جی کھیل ودا بلوچ محکمہ کھیل کے عہدیداران، سپورٹس کلچر کے نمائندے، کوچز اور کھلاڑی بھی موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں سے انکی حوصلہ افزائی کیلئے کیا گیا ایک اور وعدہ آج پورا ہو گیا۔ مستقبل میں بھی کھیل اور کھلاڑیوں کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کی جائیگی بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کو کنٹرول روم دورے کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے

ٹڈی دل سے متاثرہ زمینداروں کو فوری ریلیف پیکج فراہم کیا جائے' مفتی محمد وزیر القادری

کورونا وائرس سے زیادہ خطرناک مرض ٹڈی دل کا ہے جسکے تدارک کیلئے محکمہ زراعت کوئی سنجیدہ اقدامات نہیں اٹھا رہی

صوبے کی عوام سے سراسر زیادتی و ظلم ہے' مرکزی نائب صدر جماعت اہلسنت پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اہلسنت پاکستان کے مرکزی نائب صدر چیف آف باجھی سردار مفتی محمد وزیر القادری دامت برکاتہم العالیہ نے کہا ہے کہ ٹڈی دل سے متاثرہ زمینداروں کو فوری ریلیف پیکج فراہم کیا جائے کورونا وائرس سے زیادہ خطرناک مرض ٹڈی دل کا ہے جسکے تدارک کیلئے محکمہ زراعت کوئی سنجیدہ اقدامات نہیں اٹھا رہی جو صوبے کی عوام سے سراسر زیادتی و ظلم ہے بلوچستان کا سترہ فیصد حصہ زراعت پر مشتمل ہے مگر حکومت زراعت کے شعبے کو نظر انداز کر کے بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

سول سٹیلیمن اسپتال کوئٹہ میں برقی لائنوں پر ترقیاتی کام کیا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق سول سٹیلیمن اسپتال کوئٹہ میں برقی لائنوں پر ترقیاتی کام کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں 16 مئی کو صبح 8 بجے سے دن 11 بجے تک کوئٹہ سٹی گرا اسٹیشن بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

مشرقی بیت المقدس اور مغربی کنارہ فلسطینی علاقے ہیں

ترجمان دفتر خارجہ

اسرائیل کی طرف سے علاقوں کو ضم کرنے کا اقدام عالمی قانون کی خلاف ورزی ہوگا

پاکستان مسئلہ فلسطین کے دو ریاستی حل کا حامی ہے، دفتر خارجہ کی ترجمان ڈاکٹر عائشہ فاروقی کی ہفتہ وار پریس بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) دفتر خارجہ کی ترجمان عائشہ فاروقی نے کہا ہے کہ پاکستان، بھارت کے زیر تسلط کشمیر میں قابض بھارتی فوج کی جانب سے جعلی انکاؤنٹرز، اور محاصرے اور سرچ آپریشن کے دوران کشمیریوں کے جاری ماورائے عدالت قتل کی شدید مذمت کرتا ہے۔ ہفتہ وار بریفنگ کے دوران دفتر خارجہ کی ترجمان کا کہنا تھا کہ مقبوضہ کشمیر میں معصوم کشمیریوں پر پابندیوں، دانستہ طور پر کی گئی کارروائیوں، غیر انسانی لاک ڈاؤن اور فوجی بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

نصیر آباد' کمشنر عابد سلیم قریشی آفیسران کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خضدار کے علاقہ تحصیل زیدی میں ٹڈی دل کی تباہ کاریاں مرچ کپاس کی کھڑی فصلیں تباہ کر دیا

خضدار (نامہ نگار) خضدار کے علاقہ سب تحصیل زیدی میں ٹڈی دل کی تباہ کاریاں مرچ کپاس کی کھڑی فصلیں تباہ کر دیا آمدہ اطلاع کے مطابق زیدی میں ٹڈی دل کی لشکر نے فصلوں پر حملہ کر دیا کھڑی فصل اور کپاس کی فصل کو ختم کر بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

مرغی مافیا بے لگام پوچھنے والا کوئی نہیں سرکاری نرخ نامہ ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا گیا

خضدار (نامہ نگار) مرغی مافیا بے لگام پوچھنے والا کوئی نہیں سرکاری نرخ نامہ ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا گیا۔ سرکاری ریٹ 270 اور مارکیٹ میں مرغی 350 روپے فروخت ہونے لگا۔ انتظامیہ مرغی ڈیلرز کے سامنے بے بس دکھائی بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

جے ڈی سی فاؤنڈیشن پاکستان کی تعاون سے سماجی تنظیم روشنائی سوشل آرگنائزیشن کے زیر اہتمام خضدار کے سینکڑوں مستحق گھرانوں میں راشن تقسیم

خضدار (نامہ نگار) انسانیت کی خدمت ہماری نصب العین ہے جس کو ہم مرتے دم تک جاری رکھیں گے۔ میر اشرف علی میڈیکل پاکستان کے معروف فاؤنڈیشن جے ڈی سی کی جانب سے سماجی تنظیم روشنائی سوشل آرگنائزیشن کے زیر انتظام ایک منعقدہ تقریب میں خضدار کے سینکڑوں مستحق گھرانوں میں راشن تقسیم کیا گیا۔ اس پروگرام کے مہمان خاص الخدمت فاؤنڈیشن ضلع خضدار کے صدر مولانا محمد اسلم گزگی جبکہ اعزازی مہمانان میں صدر پریس کلب خضدار عبداللہ شاہوانی، مرتضیٰ بلوچ، عبدالواحد بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

نوکنڈی انتظامیہ نوکنڈی میں غنڈہ راج قائم کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے' آغا رحیم شاہ

دکانداروں گاڑی ڈرائیورز کے ساتھ غیر اخلاقی اور ناشائستہ زبان استعمال کیا جارہا ہے

نوکنڈی (این این آئی) نیشنل پارٹی نوکنڈی کے صدر آغا رحیم شاہ بلوچ ضلعی سیکرٹری جنرل سیکرٹری مولا بخش عالیزئی تحصیل سیکرٹری حسن رند سابق صدر گل خان فقیرزئی ضلعی یوتھ سیکرٹری غلام لاشاری سینئر رہنما سردار عمران اختر بلوچ اور راشد علی کبدانی نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ نوکنڈی انتظامیہ نوکنڈی میں غنڈہ راج قائم کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے جس کی واضح مثال گذشتہ دن انجمن تاجران کے صدر واحد بخش شیرزئی اور دیگر دکانداروں کے ساتھ پیش آنے والا ناخوشگوار واقعہ ہے جہاں انتظامیہ کے غیر سنجیدگی کی وجہ سے کوئی بڑا سانحہ یا حادثہ پیش آسکتا تھا مگر تاجران اور قبائلی شخص کی مداخلت بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

سلیکٹڈ حکمرانوں کے پاس اپوزیشن رہنماؤں پر جھوٹے اور بے بنیاد الزامات لگانے کے سوا کچھ نہیں ہے، نصیر خان اچکزئی

تبدیلی سرکار آج تک عدالت میں ان الزامات کے حق میں ایک بھی ثبوت پیش نہیں کر سکتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے ایڈیشنل جنرل سیکرٹری نصیر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ سلیکٹڈ حکمرانوں کے پاس اپوزیشن رہنماؤں پر جھوٹے اور بے بنیاد الزامات لگانے کے سوا کچھ نہیں ہے تبدیلی سرکار آج تک عدالت میں ان الزامات کے حق میں ایک بھی ثبوت پیش نہیں کر سکتی ہے، مسلم لیگ (ن) کے قائدین کو من گھڑت پروپیگنڈوں سے ڈرایا نہیں جاسکتا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں نصیر خان اچکزئی نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت اپوزیشن رہنماؤں پر کرپشن اور بدعنوانی کے جھوٹے الزامات لگا کر اپنی نا اہلی، بیچنی، گندم، ادویات بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

سی ایف سی بلوچستان نارتھ کی جانب سے کمپلیکس برائے خصوصی تعلیم کی تعمیر و مرمت کی گئی عمارت کے چند خوبصورت مناظر

کراچی لاک ڈاؤن، شاپنگ مالز کی اشیا میں پھپھوندی لگ جانے کا انکشاف

شاپنگ مالز کا ایئر کنڈیشن سسٹم مسلسل بند رہنے کی وجہ سے چاروں کی اشیا سب سے زیادہ متاثر ہوئی ہیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں ہونے والے لاک ڈاؤن کی وجہ سے مختلف شاپنگ مالز میں صفائی ستھرائی کے ناقص انتظام کی وجہ سے اشیا پر پھپھوندی لگ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں 21 مارچ سے ہونے والے لاک ڈاؤن کے بعد شہر کے مختلف علاقوں بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

ظہر کے قریب نواحی میں کھانا پکانے کے دوران چنگاری اڑنے سے اچانک آگ لگ گئی

ظہر (نامہ نگار) ظہر کے قریب نواحی میں کھانا پکانے کے دوران چنگاری اڑنے سے اچانک آگ لگ گئی، 3 گھر جل کر خاکستر ہو گئی تفصیلات کے مطابق ظہر کے قریب مہار کپور میں بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

گذشتہ کئی سال سے نوکنڈی میں پانی کی شدید قلت موجود ہے' بی این پی

اہم وجہ گمٹ والا سپلائی اسکیم ہے جس کے لیے چالیس کروڑ روپے منظور ہوئے مگر پینسٹھ کلومیٹر دور گمٹ سے نوکنڈی تک پانی نہ پہنچ سکا

نوکنڈی (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی تحصیل نوکنڈی تھکان کے ترجمان نے پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ کئی سال سے نوکنڈی میں پانی کی شدید قلت موجود ہے جس کی اہم وجہ گمٹ والا سپلائی اسکیم ہے جس کے لیے چالیس کروڑ روپے منظور ہوئے مگر پینسٹھ کلومیٹر دور گمٹ سے نوکنڈی تک پانی نہ پہنچ سکا اور آج بھی اس رمضان کے مہینے میں معصوم بچے خواتین بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

گراں فروشی کی روک تھام کیلئے تربت چوک پر شکایت سیل قائم کر دی گئی' محمد الیاس کبزئی

شکایت سیل میں شہری گراں فروشی سے متعلق اپنی شکایات درج کرا سکتیں ہیں

تربت (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کیچ میجر (ر) محمد الیاس کبزئی کی جانب سے رمضان المبارک کے آخری عشرے میں گراں فروشی کی روک تھام کیلئے تربت چوک پر شکایت سیل قائم کر دی گئی، ڈپٹی کمشنر کیچ میجر محمد الیاس کبزئی نے شکایت سیل کا باقاعدہ افتتاح کیا، افتتاح کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر تربت عزم خالد، رسالدار میجر لیویز فورس اسماعیل خالق، انجمن تاجران تربت کے صدر اسحاق روشن دل، جنرل بقیہ نمبر69 صفحہ3 پر

عید کی آمد کے پیش نظر ٹرین سروس بحال کی جائے، محمد فیصل

محفوظ طریقے سے سفر کرنے کی وجہ سے وبا پھیلنے کا خدشہ ہے، معروف سماجی رہنماء

کراچی (این این آئی) کرینہ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے نائب صدر معروف سماجی رہنما محمد فیصل نے کہا ہے کہ عید کی آمد کے پیش نظر عارضی بنیادوں پر ٹرین سروس کو بحال کیا جائے تاکہ ہزاروں افراد اپنے اہل خانہ کے ہمراہ عید منا سکیں۔ ہوائی جہاز، ٹرین سروس اور انٹرسٹی بسوں کی بندش کی وجہ سے پرائیویٹ گاڑیوں کے مالکان نے اس موقع کے دھجیاں اڑاتے ہوئے ہزاروں روپے بقیہ نمبر70 صفحہ3 پر

نوجوان نسل ٹائیگر فورس کے قیام کا احسن فیصلہ اپنی سماجی خدمات کے ذریعے ثابت کرے گی' رفاقت گیلانی

ٹائیگر فورس کا قیام نوجوان طبقہ کو قومی دھارے میں شامل کر کے معاشرے میں ان کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے

لاہور (این این آئی) ٹائیگر فورس کے رضاکاروں کے تربیتی سیشن کا انعقاد ڈسٹرکٹ پبلک سکول گرلز ونگ میں منعقد ہوا۔ تربیتی سیشن میں معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب سید رفاقت علی گیلانی، ڈپٹی کمشنر اظفر ضیاء، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال، ضلعی صدر پی ٹی آئی افتخار علی بابر، کھتران ودیگر موجود تھے۔ تربیتی سیشن میں ٹائیگر فورس سے خطاب کرتے ہوئے بقیہ نمبر73 صفحہ3 پر

ہمیں روزانہ احتیاط کرنی ہوگی ہوسکتا ہے کورونا کبھی بھی ختم نہ ہو' عالمی ادارہ صحت

وائرس ہماری برادریوں میں ایک اور وبائی وائرس کی شکل اختیار کر سکتا ہے

کوئی گارنٹی نہیں پابندیوں میں نرمی سے وائرس کی دوسری لہر نہیں پھیلے گی، ڈائریکٹر جنرل

نیویارک (آن لائن) عالمی ادارہ صحت نے خبردار کیا ہے کہ ہوسکتا ہے کورونا کبھی بھی ختم نہ ہو، بلکہ مستقل بیماری میں تبدیل ہو جائے۔ خدشہ ہے کہیں کورونا وائرس ایڈیمک میں نہ بدل جائے۔ اس وبا پر قابو پانے کے لئے دنیا کو بڑا سفر طے کرنا ہے، لاک ڈاؤن میں نرمی کرنے والے ممالک کو نئے کیسز کی تشخیص کی صلاحیت کو مضبوط بنانا ہوگا۔ ڈبلیو ایچ او کے ہنگامی امور کے ماہر مائیک رائن ایک آن لائن بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ زمینی راستے کی نسبت بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر بلدیات کے پی آر او عرفان مری وزیر بلدیات کی جانب سے فراہم کردہ حفاظتی کٹس ڈاکٹرز میں تقسیم کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کورونا وائرس سے متعلق امور کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل کمشنروں کی ویڈیو لنک کانفرنس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

خلجی کالونی' کلی علیزئی میں وولٹیج میں کمی بیشی کا نوٹس لیا جائے' اہل علاقہ

رمضان شریف میں بجلی وولٹیج اور لوڈشیڈنگ کی وجہ سے پانی کی بندش بھی شروع

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ کے علاقے خلجی کالونی کلی علیزئی میں بجلی کے وولٹیج میں کی مسلسل کمی بیشی کے سبب شہریوں کے فریج، بلبے، واشنگ مشین سمیت اور دیگر الیکٹرانک اشیاء خراب ہو رہی ہیں۔ مقررہ وولٹیج 220 کے بجائے 130 سے 150 تک آرہے ہیں جس کا براہ راست اثر فریج دیگر اشیاء پر پڑتا ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ ہے کہ بجلی کے وولٹیج پورے دیے جائیں اہلیان بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

بلوچستان کے لوگوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، نادر گل بڑیچ

دنیا کے 165 ممالک اس وقت کورونا وائرس کی ویکسین تیار کرنے کے لیے دن رات کوششیں کر رہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) چیف انجینئر بلوچستان آفیسر پی آر ایس پی نادر گل بڑیچ نے صوبہ بھر میں عالمی وبا کورونا وائرس کے بڑھتے ہوئے کیسز مدنظر رکھتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں گزشتہ روز کورونا وائرس کے شکار ہونے والے صوبائی وزیر خزانہ ظہور بلیدی کے ٹیسٹ پازیٹو آنے پر کہا کہ وزیر داخلہ کے جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہوں انہوں نے کہا کہ صوبے کے تمام اضلاع میں آگاہی مہم جاری ہے لوگوں میں حفاظتی سامان کی تقسیم اور عمومی مقامات، ضلعی انتظامیہ کے دفاتر اور سرکاری اسپتالوں کے داخلی راستوں پر جراثیم کش دافر حروں گیٹ نصب کیے جا چکے ہیں بینک اور ڈاک انہوں نے کہا صوبے کے مختلف اضلاع بالخصوص بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

بلوچستان میں بجلی کی لوڈشیڈنگ اور ناقص منصوبہ بندی کے خلاف شہریوں کی بمباری کی شدید مذمت کرتے ہیں' مولانا عصمت اللہ

افغانستان میں بدامنی کا ذمہ دار امریکہ اور نیٹو فورسز ہیں، جو شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سرپرست اور رکن قومی اسمبلی مولانا عصمت اللہ نے افغانستان کے صوبے ننگرہار میں نماز جنازہ کا قتل کے میٹرنٹی اسپتال پر بم دھماکے اور فائرنگ اور صوبہ بلخ میں کانشکاروں پر سرکاری طیاروں کی بمباری کی شدید مذمت کرتے ہوئے تینوں واقعات کو افسوسناک قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ جنازے کے تقدس کا خیال نہ رکھنے والے اور نومولود بچوں اور خواتین کو قتل کرنے والے مسلمان اور انسان کہلانے کے قابل نہیں۔ یہ لوگ وحشی درندے ہیں انہوں نے بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

کوئٹہ کیسکو سب ڈویژن کی ٹیم کی جانب سے نادہندگان اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی

3 غیر قانونی ٹرانسفارمرز اُتار کر قبضہ میں لئے گئے بعد ازاں کیسکو اسٹور میں جمع کرا دیئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) سپرنڈنٹ سب ڈویژن کی ٹیم کی جانب سے نادہندگان اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی اس سلسلے میں کیسکو کی ٹیم نے دشت کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے 3 غیر قانونی ٹرانسفارمرز اُتار کر قبضہ میں لئے گئے بعد ازاں کیسکو اسٹور میں جمع کرا دیئے۔ علاوہ ازیں دشت اور اس سے ملحقہ بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

اقلیت سے تعلق رکھنے والے افراد خود کو تنہا نہ سمجھیں' ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

ان کے حقوق اور تحفظ کے لئے ضلعی انتظامیہ ہر وقت تیار رہتی ہے' حافظ محمد قاسم کاکڑ

تمبو (آن لائن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے کہا ہے کہ اقلیت سے تعلق رکھنے والے افراد خود کو تنہا نہ سمجھیں ان کے حقوق اور تحفظ کے لئے ضلعی انتظامیہ ہر وقت تیار رہتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہندو تاری پنچایت کے سرپرست کھمی مانک لعل اور سیٹھ گھنشام داس کی قیادت میں ہریال داس پوجا رام اشیش کٹاریا رامیش کمار پریانی سنجے کمار بنجانی اور بنگ ایکا سوسائٹی کے بابو دلیپ کمار سمیت دیگر ملنے بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

ہرنائی پولیس کا خفیہ اطلاع پر کارروائی منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا، ایس پی محمد حسن کاکڑ

ہرنائی (این این آئی) ایس پی ہرنائی محمد حسن کاکڑ کو خفیہ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او ہرنائی محمد حسین مری نے کارروائی کرتے ہوئے ایک منشیات فروش کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے اسکے قبضے سے 270 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کی گئی۔

جلال آباد نگر بار اور کامل میں خودکش حملوں کی پرزور مذمت کرتا ہوں، مولانا امیر زمان

بے گناہ بچوں خواتین اور دیگر معصوم انسانوں کا خون بہانے والے مسلمان نہیں ہو سکتے

لورالائی (این این آئی) بے یوائی کے مرکزی رہنماء سابق وفاقی وزیر پوشل سردار مولانا امیر زمان نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جلال آباد نگر بار اور کامل میں خودکش حملوں کی پرزور مذمت کرتا ہوں بے گناہ بچوں خواتین اور دیگر معصوم انسانوں کا خون بہانے والے مسلمان بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

فحاشی و بے حیائی پھیلانے والے چینلز پر پابندی لگائی جائے' علامہ علی نواز القادری

ماہ رمضان المبارک میں تمام ٹی وی چینلز پر پنج وقتہ اذانیں نشر کی جائیں

کوئٹہ (آن لائن) سنی تحریک عوامی کے صوبائی چیف آرگنائزر علامہ علی نواز القادری نے کہا ہے کہ فحاشی و بے حیائی پھیلانے والے چینلز پر پابندی لگائی جائے ماہ رمضان المبارک میں تمام ٹی وی چینلز پر پنج وقتہ اذانیں نشر کی جائیں معاشرے کا ہر فرد فحاشی و بے حیائی کے سدباب کیلئے کردار ادا بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

نصیر آباد' چیف آفیسر حاجی آزاد خان کرانی کی نگرانی میں میونسپلٹی عملہ بازار سے بارش کا پانی نکال رہا ہے

ہم کسی صورت کسانوں اور زمینداروں کا نقصان برداشت نہیں کریں گے' عابد سلیم قریشی

کورونا وائرس کے پیش نظر حکومت کی جانب سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے لاک ڈاؤن میں نرمی کی گئی ہے

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ ڈپٹی کمشنر صبت پور محمد یونس سنجرانی ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق خٹک ڈپٹی کمشنر بولان مراد کاسی ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد و اسسٹنٹ کمشنر جھل مگسی اعجاز سرور اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ظفر علی جنگلوئی، نور احمد ڈومکی نے شرکت کی اجلاس میں عشرت آباد نہ زرعی انکم ٹیکس کی وصولی، پاکستان سٹیزن پورٹل رضا کار ٹائیگر فورس کی خدمات نصیر آباد ڈویژن میں گندم کی خریداری لاک بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

جمعۃ الوداع یوم القدس کے عنوان سے ہفتہ آزادی القدس مہم 15 سے 22 مئی تک چلائی جائے گی، علامہ مقصود ڈومکی

جمعۃ الوداع کو گھروں کی چھتوں اور کھڑکیوں سے پاکستان اور فلسطین کے پرچم لہرا کر یوم القدس میں شامل ہونگے

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی ترجمان مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے ترجمان و فلسطین فاؤنڈیشن بلوچستان کے رہنما علامہ مقصود ڈومکی نے کہا ہے کہ جمعۃ الوداع یوم القدس کے عنوان سے ہفتہ آزادی القدس مہم 15 سے 22 مئی تک چلائی جائے گی عوام یوم القدس کے موقع پر جمعۃ الوداع کو گھروں کی چھتوں اور کھڑکیوں سے پاکستان اور فلسطین کے پرچم لہرا کر یوم القدس میں شامل ہونگے۔ یہ بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

ظہر کے قریب نواحی میں کھانا پکانے کے دوران چنگاری اڑنے سے اچانک آگ لگ گئی

ظہر (نامہ نگار) ظہر کے قریب نواحی میں کھانا پکانے کے دوران چنگاری اڑنے سے اچانک آگ لگ گئی، 3 گھر جل کر خاکستر ہو گئی تفصیلات کے مطابق ظہر کے قریب مہار کپور میں بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

حکومت کا نویں گیارہویں جماعت کے تمام طلبہ کو پروموٹ کرنے کا فیصلہ

وہ طلبہ جو نویں اور گیارہویں جماعت کے امتحانات میں 40 فیصد مضامین میں فیل ہوئے انہیں محض پاسنگ مارکس دیے جائیں گے

کچھ مضامین میں امتحانات دینے والے اور آخری کیٹیگری ان کی ہے جو 40 فیصد سے زیادہ مضامین میں فیل ہو گئے' وفاقی وزیر تعلیم

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے اعلان کیا ہے کہ طلبہ کو نویں اور گیارہویں جماعت کے نتائج پر پروموٹ کیا جائے گا اور انہیں 3 فیصد اضافی مارکس بھی دیے جائیں گے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر تعلیم نے کہا کہ ہم نے ماضی کے تمام ڈیٹا کا جائزہ لیا جس سے ہمیں معلوم ہوا کہ دسویں اور بارہویں جماعت کے نتائج نویں اور گیارہویں سے بہتر تھے جس کی وجہ سے ہم نے طالب علموں کو ان کے امتحانی نتائج میں 3 فیصد اضافی مارکس دینے کا فیصلہ کیا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ وہ طلبہ جو نویں اور گیارہویں جماعت کے امتحانات میں 40 فیصد مضامین میں فیل ہوئے بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

لاہور میں جلوس پر پابندی کے سلسلہ میں بھاٹی چوک کو جانیوالے راستے کو کنٹینر لگا کر بند رکھا گیا ہے

اسسٹنٹ کمشنر منگچر وکیل کا کڑ کا بروقت یونین کونسل کوبک کا دورہ

منگچر (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر قلات عزت نذیر بلوچ کے خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر منگچر وکیل کاکڑ نے بروقت یونین کونسل کوبک کا دورہ کیا جہاں اے سی منگچر وکیل کاکڑ نے کل رات ہونے والی طوفانی بارشوں سیلابی ریلے اور ژالہ باری نقصانات کا جائزہ لیا گزشتہ شب تیز طوفانی بارشوں بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

پولیس تھانہ صبت پور کی کارروائی' سیف اللہ ولد زہرہ قوم گیچی کو گرفتار

صبت پور (نامہ نگار) پولیس تھانہ صبت پور کی کارروائی جناب ڈی آئی جی شہاب عظیم لہڑی جناب ایس ایس پی صبت پور سردار حسن خان موسیٰ خیل کی خصوصی ہدایات پر SDPO صبت پور محمد منعم کھوسہ SHO عبدالحمید صمیم نے کارروائی بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

کوہلو میں پولیس انسپکٹر کا قیدیوں پر تشدد کے رویہ کا نوٹس لیا جائے، میر ریحان مری

معمولی کیس کے قیدیوں کے لواحقین سے پیسے لیکر تفتیش کے دوران ان پر بے جا تشدد کرتا ہے

کوہلو (این این آئی) کوہلو کے قبائلی و سیاسی رہنماء میر ریحان مری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ضلع کوہلو میں گزشتہ ایک ماہ سے پولیس انسپکٹر محمد شریف نے قانون کو ہاتھ میں لیکر اپنے اختیارات سے تجاوز کر رہا ہے اور معمولی کیس کے قیدیوں کے لواحقین سے پیسے لیکر تفتیش کے دوران ان پر بے جا تشدد کرتا ہے اگر کوئی قیدی خود اپنے جرم کا اعتراف کرتا ہے اور خود کو پولیس کے حوالے کر دیتا ہے تو پھر لواحقین سے پیسے لیکر اس قیدی پر تشدد کا قانون کہاں اجازت دیتا ہے اس حوالے سے پہلے بھی متاثرہ قیدی پریس کانفرنس کر چکے ہیں۔

سوشل میڈیا پر خودکشی کی خبروں میں صداقت نہیں' پریس کانفرنس

نصیر آباد (نمائندہ خصوصی) گزشتہ دنوں دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے پولیس ہیڈ کانسٹیبل شہید پٹھان خان جنگ کے بھائی مولانا حسن جنگ کی شہید کے بچوں سمیت پریس کانفرنس شہید کو انتہائی بے دردی سے قتل کیا گیا سوشل میڈیا پر خودکشی کی خبروں میں صداقت نہیں۔ گزشتہ دنوں پیٹ فیڈر گیس پائپ لائن پر دوران ڈیوٹی پراسرار طور پر قتل ہونے والے پولیس ہیڈ کانسٹیبل پٹھان خان کے بھائی مولانا حسن جنگ نے شہید کانسٹیبل پٹھان خان کے بچوں بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

عمران خان کی سوچ اور اصلاحات کا محور عوام ہیں' میاں اویس علی

وہ عوام کا معیار زندگی بلند کرنے اور انہیں جدید سہولیات سمیت ضروریات زندگی کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں

حکومت نے بالامر مجبوری لاک ڈاؤن میں نرمی کا فیصلہ کیا مگر اس کے باوجود شہری احتیاطی تدابیر پر سمجھوتہ نہ کریں

لاہور (پ ر) پاکستان تحریک انصاف کے ممتاز رہنماء میاں اویس علی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان کی سوچ اور درس اصلاحات کا محور عوام ہیں، وہ لاک ڈاؤن کے حامی نہیں تھے۔ وہ عوام کا معیار زندگی بلند کرنے اور انہیں جدید سہولیات سمیت ضروریات زندگی کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔ ہمارے قائد عمران خان عوام کو درپیش معاشی دشواریوں پر بہت پریشان تھے، حکومت نے بالامر مجبوری لاک ڈاؤن میں نرمی کا فیصلہ کیا مگر اس کے باوجود شہری احتیاطی تدابیر پر سمجھوتہ نہ کریں۔

کورونا جان بحق ہونے والوں کی میتوں کی بے حرمتی بند کی جائے

سراج الحق

اوورسیز پاکستانیوں سے وصول کیا گیا ڈبل کرایہ اور قرنطینہ کے بھاری اخراجات واپس کیے جائیں

مقبوضہ کشمیر میں 9 ماہ سے لاک ڈاؤن ہے مظلوم کشمیریوں کے لیے عالمی سطح پر آواز اٹھانا ہمارا فرض ہے، سینیٹ اجلاس سے خطاب اور ذمہ داران سے گفتگو

اسلام آباد/لاہور (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کورونا ٹیسٹ فوری طور پر مفت کئے جائیں تاکہ عام آدمی بھی بیمار ہو تو اپنا ٹیسٹ کروا سکے۔ اوورسیز پاکستانیوں سے وصول کیا گیا ڈبل کرایہ اور قرنطینہ کے بھاری اخراجات واپس کیے جائیں۔ پیٹرول کی قیمتوں میں اوگرا کی سفارش کے مطابق